علم دین وعشقِ رسول کی منفرد دینی درسگاہ

دارالعلوم اہلسنت غوث اعظم مالدہ شیوار





۲۵ سالہ روداد

دارالعلوم ابتداء سے ۲۰۲۵ء تک

بانی: خلیفۂ انوار المشائخ اشرف الحفاظ الحاج

حافظ ساجد حسین اشرفی علیہ الرحمہ

ناشر: دارالعلوم اہلسنت غوث اعظم مالدہ شیوار

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

حمد باری تعالیٰ

اعلی حضرت مجدد دین وملت امام احمد رضا خان فاضل بریلوی رحمۃ اللہ تعالی علیہ

وہی رب ہے جس نے تجھ کو ہمہ تن کرم بنایا
ہمیں بھیک مانگنے کو تیرا آستاں بتایا — تجھے حمد ہے خدایا

تمہیں حاکم برایا، تمہیں قاسم عطایا
تمہیں دافع بلایا تمہیں شافع خطایا — کوئی تم سا کون آیا

وہ کنواری پاک مریم وہ نفخت فیہ کا دم
ہے عجب نشان اعظم مگر آمنہ کا جایا — وہی سب سے افضل آیا

یہی بولے سدرا والے چمن جہاں کے تھالے
سبھی میں نے چھان ڈالے تیرے پایہ کا نہ پایا — تجھے یک نے یک بنایا

فاذا فرغت فانصب یہ ملا ہے تجھ کو منصب
جو گدا بنا چکے اب اٹھو وقت بخشش آیا — کرو قسمتیں عطایا

ارے اے خدا کے بندو کوئی میرے دل کو ڈھونڈو
میرے پاس تھا ابھی تو ابھی کیا ہوا خدایا — نہ کوئی گیا نہ آیا

ہمیں اے رضا تیرے دل کا پتہ چلا بمشکل
در روضہ کے مقابل وہ ہمیں نظر تو آیا — یہ نہ پوچھ کیسا پایا

یہ تصورات باطل تیرے آگے کیا ہیں مشکل
تری قدرتیں ہیں کامل انہیں راست کر خدایا — میں انہیں شفیع لایا

نعتِ مُصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

شیخ الاسلام والمسلمین رئیس المحققین

حضرت علامہ مفتی سید محمد مدنی اشرفی الجیلانی

بڑے لطیف ہیں نازک سے گھر میں رہتے ہیں
میرے حضور میری چشم تر میں رہتے ہیں

ہمارے دِل میں ہمارے جگر میں رہتے ہیں
انہیں کے گھر ہیں یہ وہ اپنے گھر میں رہتے ہیں

یہ واقعہ ہے لباسِ بشر بھی دھوکا ہے
یہ معجزہ ہے لباسِ بشر میں رہتے ہیں

مقام ان کا نہ فرش زمیں نہ عرش بریں
وہ اپنے چاہنے والوں کے گھر میں رہتے ہیں

یقین والے کہاں سے چلے کہاں پہنچے
جو اہلِ شک ہیں اگر میں مگر میں رہتے ہیں

جو اختراَن کے تصور میں صبح وشام کریں
کہیں بھی رہتے ہوں طیبہ نگر میں رہتے ہیں

ام المومنین زوجۂ رسول صلی اللہ علیہ وسلم

حضرت اُمِّ حَبِیبہ رضی اللہ عنہا

(جن کی نسبت پاک سے جامعہ اُم حبیبہ للبنات کو منسوب کیا گیا)

آقا کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اعلان نبوت سے 17 سال قبل حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا مکۂ مکرمہ میں پیدا ہوئیں۔ آپ کا نام رملہ ہے۔ یہ سردار مکہ صخر بن حرب (ابوسفیان کے نام سے مشہور ہے) کی صاحبزادی ہیں۔ والد کی طرف سے سلسلۂ نسب کچھ یوں ہے: رملہ ابوسفیان بن حرب بن امیہ بن عبد شمس بن عبد مناف اور والدہ کی طرف سے سلسلہ نسب کچھ یوں ہے: رملہ ام صفیہ ابی العاص بن امیہ بن عبد شمس بن عبد مناف۔ والد اور والدہ دونوں کی طرف سے پانچویں پشت میں جا کر آپ رضی اللہ عنہا کا سلسلۂ نسب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نسب سے مل جاتا ہے۔

آپ رضی اللہ عنہا پہلے عبید اللہ بن جحش کے نکاح میں تھیں جس سے ایک بیٹی حبیبہ کی ولادت ہوئی اس وجہ سے آپ رضی اللہ عنہا کی کنیت اُم حبیبہ ہے۔

حضرت اُم حبیبہ رضی اللہ عنہا اوائل اسلام میں مشرف بہ اسلام ہوئیں۔ ان کے شوہر عبید اللہ بن جحش بھی مسلمان ہوئے۔ کفار مکہ کے ظلم و ستم کی وجہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایماء پر مسلمانوں کا ایک قافلہ حبشہ کی طرف ہجرت کر گیا۔ آپ نے بھی اپنے شوہر اور ایک قول کے مطابق اپنی صاحبزادی حبیبہ کے ہمراہ حبشہ ہجرت کی۔ حبشہ میں قیام کے دوران حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا نے ایک رات خواب دیکھا کہ ان کے شوہر عبید اللہ بن جحش کا چہرہ مسخ ہو گیا ہے۔ جب آنکھ کھلی تو بہت پریشان ہوئیں اور پھر آپ نے دیکھا کہ عبید اللہ نے اسلام سے مرتد ہو کر نصرانی دین قبول کر لیا ہے۔ آپ نے اپنے شوہر کو اپنا خواب سنا کر ڈرایا اور اسلام کی طرف بلایا مگر اس بدنصیب نے اس پر کان نہیں دھرا۔ کچھ دنوں تک وہاں رہنے کے بعد عبید اللہ بن جحش پر

ایسی بدنصیبی سوار ہوگئی کہ وہ اسلام سے مرتد ہوکر نصرانی ہوگیا۔اس نے آپ کوبھی ارتداد کی دعوت دی۔آپ نے انکار فرمایا اوراس بد بخت سے علیحد گی اختیار کر لی۔اپنے وطن سے دوری اور شوہر کے مرتد ہونے اور اس کی وفات (شراب پیتے پیتے نصرانیت ہی پر وہ فوت ہو گیا) یہ سب سانحات ایسے تھے جن سے حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کوسخت صدمات پہنچے۔لیکن اس کے باوجود صبر و تحمل کا دامن نہیں چھوڑ ا بلکہ اللہ کی عبادت میں اورزیادہ مصروف ہوگئیں۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو جب ان حالات کی خبر ہوئی تو آپ علیہ الصلاۃ والسلام کو بہت صدمہ ہوا۔حضرت اُم حبیبہ رضی اللہ عنہا کی دل جوئی کے لیے آپ علیہ الصلو ۃ والسلام نے حضرت عمرو بن امیہ ضمری رضی اللہ عنہ کو بادشاہ حبشہ نجاشی کے پاس بھیجا اور یہ پیغام دیا کہ آپ اُم حبیبہ سے برضا ورغبت معلوم کر کے ان کا نکاح میرے ساتھ کر دے۔نجاشی کو جب یہ پیغام نبوت پہنچا تو اس نے اپنی ایک خاص لونڈی 'ابرہہ' کے ذریعے حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیغام کی خبر دی۔حضرت اُم حبیبہ رضی اللہ عنہا اس خوشخبری کو سن کر اس قدر خوش ہوئیں کہ اپنے کچھ زیورات اس بشارت کے انعام میں ابرہہ لونڈی کو اتار کر دے دیا اور حضرت خالد بن سعید بن ابی العاص کو جوان کے ماموں کے لڑکے تھے، اپنے نکاح کا وکیل بنا کر نجاشی کے پاس بھیجا نجاشی نے اپنے شاہی محل میں نکاح کی مجلس منعقد کی اور حضرت جعفر بن ابی طالب اور دیگر صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی موجودگی میں حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کا نکاح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کر دیا اور 400 دینار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے خود ادا کیے اور یہ رقم اس نکاح کے وکیل حضرت خالد بن سعید رضی اللہ عنہ کے سپرد کی گئی۔جب آقا کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کی خبر ہوئی تو حضور نے اسے قبول فرمالیا۔چنانچہ ابوداؤد شریف میں ہے۔

(ترجمہ) امام زہری بیان کرتے ہیں کہ نجاشی نے ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کی شادی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ چار ہزار درہم حق مہر پر کی اور اس کی خبر بذریعہ خط حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دی تو آپ علیہ الصلو ۃ والسلام نے اسے قبول فرمالیا۔

اسی مجلس نکاح میں بادشاہ نجاشی نے تمام شرکاء کو یہ کہہ کر کھانا بھی کھلایا کہ انبیاء کرام علیہم السلام کا طریقہ رہا ہے کہ نکاح کے وقت کھانا کھلایا جاتا ہے۔پھر نجاشی نے حضرت شرجیل بن

حسنہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ بحری جہاز میں خیبر کے راستے مدینہ منورہ روانہ کیا آپ رضی اللہ عنہ مدینہ منورہ تشریف لائیں اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجۂ مطہرہ بن کر ام المومنین کے معزز اعزاز سے سرفراز ہوگئیں۔

حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے بے حد عقیدت ومحبت تھی اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منسوب ہر چیز کا بڑا اہتمام اور احترام کرتیں۔ ایک بار آپ رضی اللہ عنہا کے والد ابوسفیان جو اس وقت ایمان نہیں لائے تھے مدینہ منورہ آئے اور اپنی بیٹی حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کے گھر پہنچے اور آکر آپ علیہ الصلوۃ والسلام کے بستر پر بیٹھ گئے۔ آپ رضی اللہ عنہا فوراً اٹھیں اور والد کو ادب سے عرض کی کہ آپ اس بستر سے اٹھ جائیں یہ پاک بستر نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے اور آپ ابھی تک شرک سے پاک نہیں ہوئے۔

حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا نے 65 حدیثیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہیں جن میں سے دو حدیثیں بخاری و مسلم دونوں کتابوں میں موجود ہے اور ایک حدیث وہ ہے جس کو تنہا مسلم نے روایت کی ہے۔ باقی حدیث کی دوسری کتابوں میں موجود ہے۔ ان کے شاگردوں میں ان کے بھائی حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ اور ان کی صاحبزادی حضرت حبیبہ اور ان کے بھانجے ابوسفیان بن سعید رضی اللہ عنہم بہت مشہور ہیں۔

۴۴ھ میں 72 یا 73 سال کی عمر پا کر مدینۂ منورہ میں وفات پائی اور جنت البقیع میں ازواج مطہرات کے حظیرۂ قدس میں مدفون ہوئیں۔

محئ دین مصطفی اولاد رسول صلی اللہ علیہ وسلم

سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ المعروف حضور غوث اعظم دستگیر

(جن کی نسبت پاک سے لڑکوں کے دارالعلوم کو منسوب کیا گیا)

قطب الاقطاب فرد الاحباب حضرت محی دین ابو محمد عبد القادر الحسنی والحسینی رضی اللہ تعالی عنہ نجیب الطرفین ہیں۔ والدہ ماجدہ کی طرف سے حسینی اور والد ماجد کی طرف سے حسنی ہیں۔ یہ شرافت و بزرگی بہت ہی کم بانصیب لوگوں کو حاصل ہوتی ہے۔ والد ماجد کا نام سید ابو صالح اور والدہ ماجدہ کا اسم گرامی ام الخیر فاطمہ ابو عبداللہ صومعی الحسینی تھا۔(رضی اللہ عنہما) آپ ایران کے مشہور قصبہ جیلان میں یکم رمضان المبارک ۴۷۰ھ میں پیدا ہوئے۔

سیدنا غوث اعظم رضی اللہ عنہ کے متعلق یہ بات نہایت ہی مشہور و معروف ہے کہ ایام رضاعت میں ماہ رمضان المبارک میں دن کے وقت اپنی والدہ ماجدہ کا دودھ نہیں پیا کرتے۔ یہ بات لوگوں میں پھیل گئی کہ فلاں شریف گھرانے میں ایک ایسا بچہ پیدا ہوا ہے جو رمضان شریف میں دن کے وقت ماں کا دودھ نہیں پیتا اور روزہ سے رہتا ہے۔اس سے ثابت ہوا کہ آپ مادرزاد ولی ہیں۔ چار سال کی عمر میں بسم اللہ خوانی کے وقت مکمل 18 پارے زبانی سنا دیے، استفسار کرنے پر فرمایا میری ماں 18 پاروں کی حافظہ ہیں شکم مادر میں سنتے سنتے مجھے یاد ہو گیا۔

بچپن ہی میں والد محترم کا سایہ سر سے اٹھ گیا تھا باوجود اس کے شہر سے باہر جا کر علم دین حاصل کیا بے شمار صعوبتیں برداشت کیں۔ درختوں کے پتے اور جنگلی پھولوں کو چبا کر اور کبھی تین تین دن صرف پانی پر گزارا کر کے علم دین کو مکمل فرمایا۔آپ خود فرماتے ہیں کہ اگر میرے زمانہ طالب علمی کی مصیبتوں کو کسی پہاڑ پر ڈال دیا جائے تو پہاڑ ریزہ ریزہ ہو جائے گا۔

حضور غوث اعظم دستگیر رضی اللہ عنہ کا طریقہ اسلوب بے انتہا مشکل اور بے نظیر ہے۔آپ کا 40 سال تک یہ معمول رہا کہ عشاء کے لیے وضو کرتے اور پوری رات عبادت میں گزار دیتے

یہاں تک کہ اسے وضو سے صبح کی نماز پڑھتے ۔(بہجۃ الاسرار)15 سال تک رات بھر میں قرآن پاک ختم کرتے رہے۔ (بہجۃ الاسرار) آپ رضی اللہ عنہ کا یہ فرمان آج بھی آپ کے کروڑوں عقیدت مندوں اور مریدوں کی توجہ کا مرکز ومحور ہے کہ جو کوئی مصیبت میں مجھ سے فریاد کرے یا مجھ کو پکارے تو میں اس کی مصیبت کو دور کروں گا اور جو کوئی میرے وسیلے سے اللہ تعالی سے اپنی حاجت طلب کرے گا تو اللہ تعالی اس کی حاجت کو پورا فرمادے گا۔(بہجۃ الاسرار)

آپ رضی اللہ عنہ نہایت پاکیزہ اور خوش اخلاق اور باعظمت تھے۔ آپ اپنی ظاہری شان وشوکت اور وسیع علم کے باوجود کمزوروں اور ضعیفوں میں بیٹھتے فقیروں سے عاجزی کے ساتھ پیش آتے بڑوں کی عزت کرتے اور چھوٹوں پر شفقت ومہربانی فرماتے۔ سلام کرنے میں پہل کرتے اور مہمانوں اور طالب علموں کی مجلس میں نشست کرتے اور ان کی لغزشوں سے درگزر کرتے۔ جو کوئی آپ کے سامنے کتنی ہی جھوٹی قسمیں کیوں نہ کھاتا ہو آپ اس کا یقین کر لیتے اور اپنے علم وکشف کو اس پر ظاہر نہ فرماتے۔ اپنے مہمانوں اور ہم نشستوں کے ساتھ دوسروں کی بہ نسبت بہت خوش خلقی، کشادہ روی سے پیش آتے۔ سرکشوں ظالموں فاسقوں اور اللہ کے نافرمانوں کی تعظیم کے لیے کھڑے نہ ہوتے۔

حضور غوث پاک رضی اللہ عنہ کا وعظ بڑا پرتاسیر ہوتا تھا۔ حاضرین مجلس مضطرب اور بے چین ہوجاتے اور ان پر وجد وحال کی کیفیت طاری ہوجاتی۔ کوئی گریہ وفریاد کرتا کوئی بے ہوش ہوجاتا اور کوئی آپ کے وعظ ونصیحت کی ہیبت وتصرف، عظمت وجلال کی تاب نہ لاتے اور دم توڑ دیا کرتے تھے۔ آپ کی مجلس وعظ میں 400 اشخاص قلم ودوات لیے آپ کے فرامین اور نصیحتیں قلم بند کیا کرتے۔ حضور غوث پاک رضی اللہ عنہ نے چار نکاح فرمایا جن سے 27 لڑکے اور 22 لڑکیاں ہوئیں۔ 90 سال کی عمر میں 11 ربیع الآخر ۵۶۱ھ بمطابق 1182ء میں داعیہ اجل کو لبیک کہا۔ بے شمار مریدین اور شیخین نے نماز جنازہ میں شرکت فرمائی۔ بغداد شریف میں آپ کا مزار مرجع خلائق ہے۔ آپ ہی کے اسم بابرکت سے دارالعلوم اہلسنت غوث اعظم کو منسوب کیا گیا ہے۔ رب تبارک وتعالیٰ کی بارگاہ میں دعا ہے کہ مولا تعالیٰ فیضان حضور غوث اعظم کو اس ادارے پر تاقیامت جاری وساری رکھے۔ آمین بجاہ النبی سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم

ادارۂ ھٰذا کے روحانی سرپرست

مخدوم المشائخ محبوب نورانی حضور سرکار کلاں حضرت

الحاج الشاہ مفتی سید محمد مختار اشرف اشرفی الجیلانی رضی اللہ عنہ

مخدوم المشائخ حضور سرکار کلاں کی ولادت با سعادت ۲۶ جمادی الآخر ۱۳۳۹ بمطابق 13 مئی 1915ء بروز چہار شنبہ کچھوچھہ مقدسہ میں ہوئی۔ آپ کا تاریخی نام سید محمد مختار اشرف اعلیٰ حضرت امام احمد رضا فاضل بریلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے رکھا۔

ابتدائی تعلیم جامعہ اشرفیہ کچھوچھہ شریف میں حضرت مفتی عبدالرشید ناگپوری اور حضرت مولانا عمادالدین سنبھلی سے حاصل کی اور دیگر علوم وفنون کی تکمیل جامعہ نعیمیہ مرادآباد میں صدرالافاضل حضرت مولانا سید نعیم الدین اشرفی مرادآبادی اور علامہ مفتی احمد یار خان نعیمی اشرفی مرادآبادی سے حاصل کی۔ حضور سرکار کلاں فخر سے اپنے اساتذہ کا نام لیتے اور اپنی مجلسوں میں اپنے اساتذہ کی شفقت اور محبت کا ذکر فرمایا کرتے تھے۔

۱۳۵۵ھ تا ۱۳۸۱ھ ۲۶ سال تک آپ نے فتویٰ نویسی کی خدمات انجام دیں۔ نہایت سادہ اور واضح انداز میں شرعی مصادر ومراجع کی روشنی میں سائل کو مطمئن فرماتے۔ حضرت موصوف کو فقہ وحدیث میں بھی بڑا عبور اور کمال حاصل تھا۔ چنانچہ مشہور عالمی دانشگاہ دارالعلوم اشرفیہ مبارکپور کے سالانہ امتحانات کے موقع پر ہر سال بخاری شریف کا امتحان لیا کرتے۔ اسی طرح مہاراشٹر کے مشہور ومعروف بڑے بڑے اداروں میں بھی سالانہ اجلاس کے موقع پر ختم بخاری شریف و افتتاح بخاری شریف کے فرائض انجام دیا کرتے۔

اعلیٰ حضرت سید علی حسین اشرفی میاں رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے وصال کے بعد ۲۲ سال کی عمر میں ۱۳۵۵ھ میں حضرت مخدوم سلطان سید اشرف جہانگیر سمنانی رضی اللہ عنہ کے آستانۂ پاک کی سجادہ نشینی اور عرس مقدس کے جملہ تقریبات کی انجام دہی کا بارگراں اٹھایا اور مسلسل ۶۲ سال

۱۴۱۷ھ تک اس عظیم ذمہ داریوں کو بحسن وخوبی انجام دیتے رہے۔

مخدوم المشائخ حضور سرکارکلاں ٤ مرتبہ زیارت حرمین شریفین سے مشرف ہوئے۔ پہلا حج 1952ء دوسرا حج 1972ء تیسرا حج 1986ء اور چوتھا حج اور 1992ء میں ادا کیا۔

مخدوم المشائخ حضور سرکارکلاں کے تبلیغی اسفار بھی ملاحظہ کرتے چلیں جن سے معلوم ہوگا کہ حضرت کی پوری زندگی اعلاء کلمۃ الحق اور دین اسلام کی نشرواشاعت میں گزری ہے۔ یوں تو ملک ہندوستان کے تقریباً ہر ریاست میں حضرت موصوف کے مریدین ومتقدین کی تعداد اکثریت سے پائی جاتی ہے۔ اعلیٰ حضرت اشرفی میاں علیہ الرحمہ کی طرح آپ کے بھی مریدین لاکھوں میں پائے جاتے ہیں۔ آپ نے اپنے مذہبی ومشربی مشن کی ملک وبیرون ملک برق رفتاری سے تبلیغ کی اور اس کی ترویج واشاعت کے لیے کل ۱۷۹ خلفاء کو سند خلافت سے نوازا۔ جن میں ۳۳ خلفائے کرام خاندان برکت نشان خانوادۂ اشرفیہ سے تعلق رکھتے ہیں۔

کون سرکار کلاں

جس کی علمی اور عملی زندگی ملت اسلامیہ کی تمناؤں کا مرکز اور امت مرحومہ کی آرزوؤں کا محور بن چکی ہو۔ کون سرکارکلاں؟ رجحان خلق جس کی طرف تیزی سے بڑھ رہا ہو۔ جو بے شمار علماء و مشائخ کی عقیدتوں کا مرکز ہو۔ کون سرکارکلاں؟ جو باوقار قائدین کی امنگوں کی جولان گاہ ہو جس کی ہمہ گیر تبحر علمی پر اتفاق کرنے کے لیے عرب وعجم کی وسعتیں سمٹ کر ایک پلیٹ فارم پر جمع ہو گئی ہوں۔ کون سرکارکلاں؟ جو اپنی بے پناہ قوت ارادی بے پایاں صلاحیت اور غیر منتہی مستحکم عزائم کے لیے ساری دنیا میں مشہور ومعروف ہو۔ کون سرکارکلاں؟ جس کے علم کے دبدبے اور تمکنت کے سامنے بڑی سے بڑی علم وفن کی انجمنیں بھی دست بستہ کھڑی ہوئی دکھائی دیتی ہوں۔ کون سرکارکلاں؟ اپنے وقت کے مقتدر علماء ومفتیان عظام اور بانیان ادارہ جس کی فہرست خلفاء میں اندراج نام کو سرمایہ حیات سمجھتے ہوں۔ حضور سرکارکلاں کی ذات والا صفات حکمت سیدنا مخدوم اشرف جہانگیر سمنانی، زہد سیدنا عبدالرزاق نورالعین، فراست اعلیٰ حضرت اشرفی میاں اور سیدنا مولانا احمد اشرف رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کا وہ حسین سنگم تھی جو نصف 1915ء ۱۳۳۳ھ سے 1996ء ۱۴۱۷ھ تک کی پوری تاریخ کو زندہ کیے ہوئے تھی۔ آپ کے روحانی کمالات،

پند ونصائح اور علمی نقات پر مشتمل مجلس گفتگو، علم وفضل سے لبریز نگارشات اور مختلف مسائل پر مشتمل فتاوے بتا رہے ہیں کہ حضور والا آج بھی ہم میں موجود ہیں۔

مالیگاؤں میں آپ کے دادا ہم شبیہ غوث الاعظم اعلیٰ حضرت سیدنا علی حسین اشرفی میاں رحمۃ اللہ علیہ کی خانقاہ میں اشرفی میاں کے بعد آپ نے تبلیغی مشن کو سنبھالا۔ یہی وجہ ہے شہر مالیگاؤں میں بھی لاکھوں کی تعداد میں آپ کے مریدین نظر آتے ہیں۔ مورخہ ۹ رجب المرجب ۱۴۱۷ھ مطابق 21 نومبر 1997ء بروز جمعرات دوپہر ٹھیک ایک بجے ملت کے عظیم معمار اور ہر دل عزیز قائد اپنوں اور بیگانوں کو تڑپتا چھوڑ کر رہتی دنیا تک کے انسانوں کو یہ ذہن دیتے ہوئے اپنے مالک حقیقی سے جا ملے۔

سورج ہوں زندگی کی رمق چھوڑ جاؤں گا
میں ڈوب بھی گیا تو شفق چھوڑ جاؤں گا

مخدوم المشائخ حضور سرکار کلاں جیسی قد آور شخصیت کا روحانی فیضان بھی دارالعلوم وجامعات ہذا کی ترقی میں شامل ہے۔

ادارۂ ھٰذا کے روحانی سرپرست

شہزادۂ سرکار کلاں انوار المشائخ

حضرت الحاج الشاہ سید محمد انوار اشرف اشرفی الجیلانی علیہ الرحمۃ

باوقار خانوادہ، خانوادۂ اشرفیہ کے ایک ممتاز اور نمایاں چشم و چراغ جسے دنیا انوار المشائخ حضرت علامہ سید انوار اشرف اشرفی الجیلانی کے مبارک نام سے جانتی اور پہچانتی ہے۔آپ کی ولادت باسعادت 1953ء کو کچھوچھہ مقدسہ میں ہوئی۔آپ قطب ربانی شبیہ غوث اعظم جیلانی اعلیٰ حضرت مولانا سید شاہ ابو احمد علی حسین اشرفی الجیلانی کے پر پوتے سلطان الواعظین مولانا سید احمد اشرف کے پوتے اور مخدوم المشائخ محبوب نورانی حضور سرکار کلاں سید شاہ محمد مختار اشرف اشرفی الجیلانی (سجادہ نشین) کے فرزندار جمند ہیں۔

چار سال کی عمر میں آپ کے والد ماجد مخدوم المشائخ حضور سرکار کلاں نے بسم اللہ خوانی کروائی۔اپنے دادا اعلیٰ حضرت اشرفی میاں کی قائم کردہ اعلیٰ دینی درسگاہ جامعہ اشرفیہ کچھوچھہ مقدسہ میں ابتدائی تعلیم پائی اور پھر اعلیٰ تعلیم کے لیے دارالعلوم جامعہ نعیمیہ مرادآباد میں داخلہ لیا اور تین سال گزارنے کے بعد جامعہ حمیدیہ رضویہ بنارس تشریف لے گئے اور پھر 1980ء میں جامع اشرف کچھوچھہ مقدسہ میں ماہر اساتذہ کی زیرنگرانی درس نظامی کی تکمیل فرمائی اور باقاعدہ 1981ء میں مقتدر علماء و مشائخ کے مقدس ہاتھوں سے عرس مخدومی میں دستارِ فضیلت و سند فضیلت حاصل کی۔

مذہب اہلسنت و جماعت کی نشر و اشاعت میں آپ کا نمایاں کردار رہا ہے۔آپ نے تبلیغ دین کے لیے کئی بیرونی ممالک کے دورے بھی کیے جہاں اپنی نصیحت آمیز اور پرتاثیر تقریروں اور مواعظ کے ذریعے آپ نے بہت سے گم گشتگانِ بادیۂ ضلالت کو راہ راست دکھایا اور انہیں پوری مضبوطی کے ساتھ مذہب حق پر قائم رہنے کی تلقین فرمائی۔ہزاروں افراد کو اپنے حلقۂ بیعت و ارادت میں داخل فرما کر مذہب حق سے وابستگی کے رشتے کو مزید پختگی و استواری بخشی یہی وجہ ہے کہ بیرونی ممالک میں بھی وہابیت و نجدیت کی ایمان شکن تحریکوں کے باوجود مذہب اہلسنت و

جماعت سے گہری وابستگی رکھنے والوں میں آپ کے ارادت مندوں کی تعداد کسی سے کم نہیں۔

ملک ہندوستان آپ کے تبلیغی جدوجہد کا اصل مرکز رہا۔ کشمیر سے کنیا کماری تک شاید ہی کوئی ایسا علاقہ ہو جہاں حضرت کا ورودِ مسعود نہ ہوا ہو۔ آپ مرید کرتے وقت حلقہ بگوشانِ سلسلہ سے جو عہد لیتے ہیں اس میں مذہب اہلسنت پر سختی سے قائم رہنے اور تمام باطل فرقوں سے جدا رہنے کا پیمان بھی شامل رہتا۔ یہ محض اسی لیے تھا کہ مذہب حق پوری آب وتاب کے ساتھ ان کے دلوں کے نہاں خانوں میں جلوہ بار رہے اور بدمذہبی کی محب اور گھٹا ٹوپ بدلیوں کی زد میں آنے سے وہ محفوظ رہیں۔ یہاں تک کہ بوقتِ وصال آپ بنگلہ دیش ہی میں تھے۔ اپنی حیات کا طویل حصہ تبلیغی دوروں میں گزار دیا شریعت وطریقت کی دعوتِ رشد وہدایت اور اشاعتِ دین جو آپ کی خاندانی روایت ہے اور یہ نسلاً بعد نسل جاری ہے۔ آپ نے اپنے علم وعمل اور اخلاق حسنہ سے اس میں چار چاند لگا دیے۔ خیر الناس من ینفع الناس کی عملی تفسیر بن کر اپنی زندگی کو دعوت وتبلیغ اور اصلاح معاشرہ کے لیے وقف کر رکھی تھی۔

ریاست مہاراشٹر کے شہر دھولیہ، جلگاؤں، کاسودہ، ناسک، املنیر، بلڈانہ اور ریاست گجرات میں کثرت سے آپ کے تبلیغی اسفار ہوا کرتے۔ جہاں ایک بڑی تعداد آپ کے مریدین کی موجود ہے۔ مالیگاؤں شہر میں بھی آپ کے محبین ومتوسلین کا جم غفیر آج بھی موجود ہے۔ مالیگاؤں کی مولانا سید احمد اشرف عیدگاہ سے لے کر درجنوں مساجد ومدارس میں آپ بحیثیت چیف ٹرسٹ یا سرپرست رہے۔ بیشتر محلے سڑکیں چوراہے اور دکانیں متوسلین وارادت مندوں نے آپ کے نام سے منسوب کر رکھی ہیں۔ دارالعلوم اہلسنت غوث اعظم، جامعہ ام حبیبہ للبنات وجامعہ خدیجہ حجن للبنات کے صدر واراکین کو بھی یہ شرف حاصل ہے کہ اول دن سے ہی حضور انوار المشائخ ان اداروں کی بحیثیت سرپرست اعلیٰ سرپرستی فرماتے رہے ہمیشہ آپ اپنے ارادت مندوں کو تلقین فرماتے تھے کہ " یہ دارالعلوم حافظ ساجد کا نہیں میرا ہے لہذا اس کی دل کھول کر مدد کیا کریں" سورت (گجرات) سے تعلق رکھنے والے آپ کے ایک مرید خاص نور محمد صاحب کی زبانی سنا کہ حضرت انوار المشائخ اکثر ہم لوگوں سے فرمایا کرتے تھے کہ مالیگاؤں آؤ کسی وقت اور میرا ادارہ دیکھو یہ حضور انوار المشائخ کی ذرہ نوازی تھی کہ انہوں نے اپنا سایۂ عاطفت اپنے خلیفہ ارشد حافظ

ساجد حسین اشرفی علیہ الرحمہ کے قائم کردہ ان اداروں پر تادم مرگ دراز فرمایا اور آج بھی حضور انوار المشائخ ان اداروں پر اپنی روحانی سرپرستی فرمارہے ہیں۔

طارق السلطنت محبوب یزدانی مخدوم سلطان سید اشرف جہانگیر سمنانی رضی المولیٰ تعالی عنہ فرماتے ہیں کہ ”میرے فرزند عبدالرزاق کی نسل اور میرے گھرانے کا فرد اس وقت تک دنیا سے منتقل نہیں ہوسکتا جب تک مقام ولایت پر فائز نہ ہوجائے"۔حضور انوار المشائخ بھی صاحب کشف و کرامات تھے۔آپ کی ذات بابرکات منبع فیض و برکات اور فیضان مخدومی کا جیتا جاگتا نمونہ تھی۔ آپ کے رُخِ زیبا پر مخدومی جلال ایسا تھا کہ آپ کو دیکھ کر لوگوں کو آسیب حاضر ہوجایا کرتا۔آپ کی ذات سے کئی کرامتوں کا ظہور ہوا جس میں سے ایک کرامت کا تذکرہ قارعین کے لیے پیش ہے۔

اس واقعہ کو خطیب ایشیاء حضرت علامہ سید صغیر اشرف اشرفی الجیلانی نے بیان کیا کہ ”ریاست بہار کا ایک معروف شہر ”سہرسہ“ میں ایک بدعقیدہ شخص جو رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ساتھ آل رسول سے بھی بغض وعناد رکھتا تھا۔سادات کرام کی سیادت کا منکر تھا۔انوار میاں اپنے مرید کے یہاں تشریف فرما تھے اور اپنی سیادت کا فیض عام کیے ہوئے تھے کہ وہ منکر سادات آپ کی خدمت میں حاضر آیا اور گستاخانہ انداز میں یوں عرض گزار ہوا کہ اللہ کے نبی کو دنیا سے جانے 1400 سال کا عرصہ گزر گیا آخر ان کی اولاد ابھی تک کیسے زندہ ہے؟ یہ خاندان یہاں تک کیسے پہنچا؟ یعنی آپ کے سیادت کا انکار پر انکار کررہا تھا۔حضرت انوار المشائخ نے جونہی یہ جملہ سنا بارعب انداز میں فرمایا کہ سیّد صحیح النصب کو آگ نہیں چھوتی قریب بلایا اور اپنے سر سے اپنی ٹوپی اتار کر اس گستاخ کے ہاتھ پر رکھ دی اور فرمایا کہ اگر تمہیں ہماری سیادت سے انکار ہے تو اس ٹوپی کو لے جا آگ میں ڈال دے اگر یہ جل گئی تو میں سید نہیں، اولاد نبی نہیں۔گستاخ نے جونہی یہ سنا فوراً ٹوپی مبارک لے کر بھاگا اور گلی ہی میں کسی کے مکان پر آگ جل رہی تھی ٹوپی مبارک کو آگ میں ڈال دیا اور اپنے ماتھے کی آنکھ سے دیکھ رہا ہے کہ آگ پورے شباب پر ہے جل رہی ہے اور ٹوپی مبارک آگ میں صحیح سلامت رکھی ہوئی ہے۔دیوانوں کا ہجوم تھا بدعقیدوں کی اکثریت بارگاہ انوار المشائخ میں بدعقیدگی سے تائب ہوکر آپ کے دستِ مبارک پر داخل سلسلہ ہوئے اور مخدومی فیضان سے مستفیض ہوئے اور وہ گستاخ ہدایت سے محروم رہا اور کیوں نہ

ہو دشمن کے لیے ہدایت ہے گستاخ کے لیے نہیں۔

حضور انوار المشائخ ہر سال بنگلہ دیش کی سرزمین پر کئی کئی ماہ گزار دیتے مگر 2015ء کا سفر آپ کا آخری سفر رہا ہر سال کی طرح امسال بھی آپ بنگلہ دیش تبلیغی دورے پر تھے۔ مورخہ 24 دسمبر 2015ء بروز جمعرات عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی مناسبت سے آپ نے جلوس مبارکہ کی قیادت فرمائی۔ اختتام پر سرکار مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تذکرے کیے دوسرے دن جگہ جگہ محافل نور میں شرکت فرمائی اور 26 دسمبر بروز سنیچر بعد نماز مغرب اپنے نانا جان سرور کون ومکاں صلی اللہ علیہ وسلم کے در پر حاضری ہوگئی۔

ادارۂ ھٰذا کے بانی

اشرفُ الحفّاظ الحاج حافظ ساجد حُسین اشرفی علیہ الرحمہ

(خلیفۂ انوار المشائخ)

اشرف الحفاظ الحاج حافظ ساجد حسین اشرفی کی ولادت 7 دسمبر 1969 بمطابق 26 رمضان المبارک بروز اتوار مالیگاؤں (ضلع: ناسک) کے محلہ راجہ نگر کے ایک متوسط گھرانے میں ہوئی۔ آپ کے والد بزرگوار مرحوم پیر محمد اشرفی پیشے سے پاورلوم مزدور اور میت کا اعلان کرتے تھے۔ آپ کی والدہ ماجدہ مرحومہ خدیجہ خاتون نہایت متقیہ پرہیزگار اور صوم وصلاۃ کی پابند تہجد گزار خاتون تھیں۔ بچپن ہی سے مساجد اور مدارس سے تعلق مربوط رہا۔ خدمت دین کا جذبہ کم عمری ہی سے آپ میں پایا گیا۔ اسی لیے ہر جمعہ آپ مسجد خانقاہ اشرفیہ کے چندے کے لیے گلی گلی گشت کیا کرتے تھے۔ آپ کی ابتدائی تعلیم دارالعلوم اہلسنت اشرفیہ میں ہوئی جہاں دارالعلوم کے ساتھ ساتھ خانقاہ اشرفیہ حسنیہ سرکار کلاں بھی موجود ہے۔ چونکہ دارالعلوم اہلسنت اشرفیہ قطب ربانی، شبیہ غوث الاعظم جیلانی، اعلی حضرت سید علی حسین اشرفی میاں رحمۃ اللہ تعالی علیہ، بعدہٗ حضور سرکار کلاں، محبوب نورانی مفتی سید شاہ مختار اشرف اشرفی الجلانی رحمۃ اللہ تعالی علیہ کی زیر سرپرستی کامیابی کی راہ پر گامزن رہا۔ اسی موقع کی خوش نصیبی کہ آپ کو حضور سرکار کلاں جیسی صحیح النّصب سید

عظیم المرتبت قدآور علمی شخصیت کا دامنِ ارادت نصیب ہوا۔ بلکہ حضور سرکارکلاں سے طالب علمی کے زمانے میں اور بیعت وارادت کے بعد فیضان اشرفی کے حاصل کرنے کا بہت موقع میسر آیا۔ مالیگاؤں میں حضور سرکارکلاں جب بھی تشریف لاتے دن ورات کا ہر لمحہ اپنے پیرومرشد ہی کے ساتھ آپ گزارتے تھے حضور سرکارکلاں بھی آپ پر خصوصی نظر کرم اور عنایت فرمایا کرتے تھے۔

حضور اشرف الحفاظ نے حفظ خلیفۂ سرکارکلاں حافظ محمد یعقوب اشرفی علیہ الرحمہ (نو بہار) کے پاس مکمل کیا اور آپ کو مزید یہ شرف حاصل ہے کہ آپ کی دستار بندی 1984ء میں سلسلۂ اشرفیہ ہی کی ایک ممتاز شخصیت اشرف العلماء حضرت علامہ شاہ سید حامد اشرف صاحب رحمۃ اللہ علیہ (ممبئ) کے دست مبارک سے ہوئی اور اسی سال سے آپ نے بیرون شہر تراویح میں قرآن مجید سنانے کا شرف حاصل کیا اور ساتھ ہی مادر علمی دارالعلوم اہلسنت خانقاہ اشرفیہ میں درس وتدریس کی خدمات کا آغاز کیا۔ استاد گرامی خلیفۂ سرکارکلاں کی بے پایاں شفقت وعنایت اور تربیت کا اثر رہا کہ آپ نے اپنے استاد محترم کے وصال کے بعد مسجد خانقاہ اشرفیہ میں امامت کے فرائض کا اہم فریضہ سنبھالا اور 35 سالوں تک امامت وخطابت اور 25 سالوں تک تراویح میں قرآن کریم سنانے کی سعادت حاصل کی۔ آپ کی خوش بختی اور آپ پر فیضان مخدومی یہ رہا کہ آپ نے اس مصلّے پر عرصۂ دراز تک امامت فرمائی جس مصلّۂ امامت پر سلسلۂ اشرفیہ کے عظیم المرتبت بزرگان دین جن میں محبوب ربانی شبیہ غوث الاعظم جیلانی، محبوب نورانی حضور سرکارکلاں، حضور شیخ اعظم، حضور انوار المشائخ رحمۃ اللہ تعالی علیہم اجمعین و دیگر مشائخینِ سلسلہ شامل ہیں۔ آپ نے دارالعلوم اہلسنت اشرفیہ میں 14 سالوں تک درس وتدریس کی خدمات بھی انجام دیں۔ بعد ازاں مدرسہ اہلسنت دارالقرآن اور دارالعلوم اہلسنت غوث اعظم (آپ ہی کا قائم کردہ ادارہ) میں تقریباً 18 سال درس وتدریس کے فرائض بحسن وخوبی انجام دیے۔ شہر و بیرون شہر میں آپ کے تلامذہ و شاگرد حفاظ وقرأ سینکڑوں کی تعداد میں موجود ہیں اور فراغت کے بعد خدمت دین کا عظیم فریضہ انجام دے رہے ہیں۔

آپ کے حصّے میں مخدومی فیضان اس وقت اور جھوم کر برسا جب آپ کو شہزادۂ سرکارکلاں انوار المشائخ سید انوار اشرف اشرفی الجیلانی رحمۃ اللہ علیہ سے 1997ء میں خلافت واجازت

حاصل ہوئی۔ مزید آپ کو 2 جنوری 1996ء میں حضور سرکارکلاں رحمۃ اللہ علیہ سے دعا اور تعویذ کی تحریری اجازت حاصل ہوئی اور یہ سلسلہ مزید دراز ہوا اور 2021ء میں شہزادۂ سرکارکلاں مفکر اسلام حضرت سید علی اشرف اشرفی الجیلانی رحمۃ اللہ علیہ اور 2022ء میں احسن العلماء حضرت سید احسن اشرف اشرفی الجیلانی (کچھوچھہ مقدسہ) نے بھی آپ کو تحریری اجازت سے نوازا۔

آپ نے 1998ء میں مدرسہ اہلسنت دارالقرآن میں ایک مکتب (شعبۂ ناظرہ وحفظ) جاری کیا اور یہیں سے آپ کا تعلیمی، تعمیری، تبلیغی، اشاعتی، فلاحی سفر کا آغاز ہوا۔ معاونین اور ہمدردوں کی ایک جماعت آپ کے ساتھ رہی۔ آپ نے اپنے زور بیاں اور قائدانہ صلاحیت سے دارالعلوم اہلسنت غوث اعظم کی تعمیری تحریک پیش کی اور مالیگاؤں کے جنوب مشرقی علاقے مالدہ شیوار میں (33×48) زمین خریدی اور حضور انوار المشائخ کی زیر سرپرستی اس ادارے کی بنیاد رکھی۔ ساتھ ہی ایک مسجد بنام مسجد اہلسنت زیتون حجن کی تعمیر کی۔ چرم قربانی، عطیات، زکوٰۃ، صدقات کے ذریعے درجہ بدرجہ تعمیر وترقی کا دور شروع ہوا اور آج ایک پرشکوہ تین منزلہ عمارت مع گنبد غوث اعظم آپ کے سامنے ہے۔

اللہ نے یہ شرف حضور اشرف الحفاظ کو عطا فرمایا کہ مساجد ومیناروں کے اس شہر مالیگاؤں میں جہاں بڑے بڑے علماء کرام ومفتیان کرام خدمت خلق کررہے ہیں اپنے اپنے طریقوں سے کوئی قلم کے ذریعے کوئی وعظ ونصیحت کے ذریعے عوام کو راہ راست پر لانے کے لیے کوشاں ہے۔ کوئی دارالعلوم میں نونہالان قوم کی تربیت کررہا ہے تو کوئی دختران قوم کو علمی زیور سے آراستہ کررہا ہے۔ مگر آپ کو یہ اعزاز حاصل تھا کہ آپ بیک وقت دونوں کی تعلیم وتربیت کا بیڑا اٹھایا اور دارالعلوم اہلسنت غوث اعظم کے اوپری منزلہ پر جامعہ بنام جامعہ اہلسنت ام حبیبہ للبنات کا قیام عمل میں آیا۔ قوم مسلم کو نہ صرف ایک اچھا باپ بلکہ ایک اچھی ماں بھی عطا کیا۔ بعد ازاں 2010ء میں اپنے ہی مکان محلہ راجہ نگر میں حضور انوار المشائخ کی زیر سرپرستی مدرسہ خدیجہ حجن کا آغاز کیا اور آہستہ آہستہ مکتب سے مدرسہ اور مدرسہ سے جامعہ کی شکل اختیار کرگیا۔ جگہ کی تنگی کے سبب اسی گلی میں ایک مکان خریدا اور بعدہٗ اسے تعمیر کروایا اور آج تین منزلہ پرشکوہ عمارت جامعہ اہلسنت خدیجہ حجن للبنات کی اپنی تعلیمی ترقی کی راہوں پر گامزن ہے۔

مساجد کی طرف رخ کیا تو مسجد اہلسنت زیتون حجن کے علاوہ مزید تین مساجد ان علاقوں میں تعمیر کی جہاں مسجد کی اشد ضرورت تھی۔ ☆مسجد اہلسنت سید انوار اشرف (افتتاح:2018) گیارہ ہزار کالونی، نیو مالیگاؤں ☆مسجد اہلسنت شہناز حجن (افتتاح:2021) گلشن غریب نواز، ہیرا پورہ ☆مسجد اہلسنت ہاجرہ فخر الدین (سنگ بنیاد:2021، افتتاح:2024) لبیک ہوٹل کے پیچھے، مالدہ (جسے آپ کے وصال کے بعد مکمل تعمیر کیا گیا)۔ الحمدللہ ان تمام مساجد میں آج نماز پنجگانہ، تراویح، عیدین، پابندیٔ وقت کے ساتھ جاری ہے۔ مسجد اہلسنت شہناز حجن سے متصل ایک مدرسہ بنام مدرسہ اہلسنت نور النساء عبد السلام کا قیام عمل میں آیا۔ جہاں آج ناظرہ سے لے کر عالمیت تک کی تعلیم کا نظم ہے۔ الحمدللہ

مالیگاؤں کی تاریخ میں یہ بات جلی حرفوں میں لکھی جائے گی کہ آپ پہلے حافظ، پہلے امام اور پہلے خطیب ہیں جنہوں نے از سر نو دارالعلوم اور جامعات کی بنیاد رکھی۔ جہاں بیک وقت لڑکوں اور لڑکیوں دونوں کو تعلیم و تربیت دی جاتی ہے۔ کسی نے جنچا تلہ جملہ کہا ہے کہ "اگر ایک لڑکی دیندار علم والی ہوگی تو اس کی وجہ سے چار خاندان سنور کر دیندار ہو جائیں گے۔ (۱) باپ کا خاندان (۲) شوہر کا خاندان (۳) بیٹیاں جس گھر میں جائیں گی بیاہ کر وہ خاندان (۴) بیٹے جو شادی کے بعد گھر بسائیں گے ان کا خاندان۔ کیونکہ باپ کی تربیت سے پہلے ماں کی آغوش تربیت گاہ ہی ہے اپنے بچے کے لیے۔

آپ نے تعلیماتِ اسلامیہ کو عام کرنے کے لیے ہر پہلو پر توجہ دی۔ متعدد مساجد کی تعمیر کی، مدارس کی بنیاد رکھی، نوجوانوں کو دینی ماحول دینے اور ان کا تزکیۂ نفس اور تصفیۂ باطن کے لیے مسجد خانقاہ اشرفیہ میں شبِ قدر اور شبِ برأت جیسی مقدس راتوں میں مجلس روحانی کا آغاز کیا۔ جس میں تصوفانہ خطاب، حلقۂ ذکر اور اجتماعی دعا کا اہتمام کیا کرتے۔ شہر سے کثیر تعداد میں لوگ ان مجالس میں شرکت کرتے ہیں۔ آپ نے 27 سال ان مجالس کا اہتمام کیا اور یہ سلسلہ (فرزند اشرف الحفاظ کے ذریعے مسجد جامع زیتون حجن میں) آج بھی جاری ہے۔ مجلس روحانی نہ صرف مسجد خانقاہ اشرفیہ تک محدود رہی بلکہ آپ نے بیرون شہر بھی ماہانہ مجالس کا اہتمام کر کے نوجوانوں کی تربیت فرمائی۔ خدمت دین کا یہ سلسلہ آپ کے کسی گوشۂ حیات میں ناتواں نظر نہیں آیا۔ یہ امر

قارعین کے لیے باعث مسرت ہوگا کہ آپ مسلمانوں کی اکثریتی آبادی والے علاقے میں رہتے ہوئے بھی متعدد لوگوں کے دلوں میں ایمان کی شمع روشن کی اور دامن اسلام سے وابستہ کیا۔آپ کی متحرک اور تاباں شخصیت سے سینکڑوں مسلمانوں نے دینی اور دنیاوی برکتیں حاصل کیں، گناہوں سے تائب ہوئے گمراہ راہ راست پر آ گئے۔

آپ شیریں بیاں خطیب، عظیم مفکر و بہترین نعت خواں تھے۔ جب آپ اپنی نغمہ ریز اور مترنم آواز میں نعت سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم گنگناتے یا دلائل و براہین سے دین وسنیت کی حقانیت بیان کرتے تو حاضرین پر سکوت چھا جاتا۔ باتیں دل میں اترنے لگتی پر کیف سماں ہو جاتا۔ دور دراز علاقوں سے لوگ خطابِ جمعہ سننے کے لیے نماز جمعہ میں قبل از اذاں حاضر ہو جاتے۔ یہ آپ کی ذات وصفات کا ایک نمایاں پہلو تھا جس میں آپ کو انفرادیت حاصل تھی۔

طوالت سے پرہیز کرتے ہوئے، آپ تقریباً 40 سال تک تبلیغ اسلام کا فریضہ انجام دے کر 10 شوال المکرم 1444ھ بمطابق یکم مئی 2023ء کو اپنے محبوبِ حقیقی سے جا ملے اور تعلیمات اسلامیہ بالخصوص سلسلہ اشرفیہ کی تبلیغ کے انعام کے طور پر حضور صاحب سجادہ قائد ملت حضرت شاہ سید محمود اشرف اشرفی الجیلانی (سجادہ نشین آستانہ اشرفیہ کچھوچھہ مقدسہ) نے آپ کی نماز جنازہ کی امامت فرمائی۔ اس نابغۂ روزگار ہستی کے وصال سے ایک روشن ورق الٹ گیا۔ رب تعالی ان کی تربت پر انوار ورحمت کی بارش فرمائے۔ آمین بجاہ النبی سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم۔



دارُالعُلوم کے اراکین ومُعاونین

اشرف الحفاظ الحاج حافظ ساجد حسین اشرفی علیہ الرحمہ کی تحریک پر مندرجہ ذیل افراد، ادارے، انجمنوں نے بے پناہ محنت شاقہ تگ ودو کے ساتھ دارالعلوم کے قیام وتعمیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔

مرحوم الحاج محمد طاہر مبارکپوری، مرحوم برکت اللہ استاد، مرحوم شفیع اللہ خان، مرحوم سید علی (باردان والے)، مرحوم جلال الدین (پہلوان)، مرحوم مسعود ایڈیٹر، محترم الحاج ممتاز اشرف صاحب، محترم حاجی محمد معروف صاحب مبارکپوری، محترم الحاج عبدالصمد (سپنا) صاحب، محترم عبدالواحد صاحب (مرغے والے)، محترم ڈاکٹر عبدالحفیظ صاحب، محترم جمیل سیٹھ نوری صاحب

ارکان انتظامیہ

☆محترم شفیق احمد صاحب ☆محترم فیاض احمد صاحب ☆محترم محمد سالک ایوبی صاحب
☆محترم حاجی ظہیر اختر اشرفی صاحب ☆محترم ریاض احمد اشرفی صاحب
☆محترم الحاج ماسٹر مدثر رضا عطاری صاحب ☆محترم ڈاکٹر کیف الوریٰ چشتی صاحب
☆محترم جمیل احمد صاحب جملہ☆محترم جاوید احمد مقادم صاحب☆محترم عقیل عظمت صاحب
☆محترم عقیل احمد مقادم صاحب☆محترم شکیل احمد مقادم صاحب☆محترم جاوید احمد صاحب لونگی والے
☆محترم خلیل احمد صاحب☆محترم انوار احمد اشرفی صاحب☆محترم حاجی سخاوت اشرفی صاحب

ادارے وتنظیمیں (ارکان مجلس شوریٰ)

انجمن جمعیۃ الحفاظ، ادارۂ غریب نواز، انجمن سرکار کلاں، صابریہ گروپ، ادارۂ انوار المشائخ، ادارۂ محبوب سبحانی، ادارۂ محبوب یزدانی، ادارۂ سلطان الہند، ادارۂ سید انوار اشرف، ادارۂ حاجی عرفان گروپ، ادارۂ محبان اشرف، بزم عزیز کلب، اقصیٰ سپورٹس، بزم آزاد اشرفی، ادارۂ گلشن مدینہ، ادارۂ فیضان مدینہ، اشرفی فیمیلی گروپ، ادارۂ سید نور العین، انجمن فیضان حسان، ادارۂ عاشقان مصطفیٰ، ادارۂ محبان اشرف الحفاظ، ادارۂ خواجہ غریب نواز، انجمن جمعیۃ الطلباء، انتظامیہ مسجد جامع زیتون حجن، انتظامیہ مسجد سید انوار اشرف، انتظامیہ مسجد شہناز حجن، انتظامیہ مسجد ہاجرہ فخر الدین۔

دَارُالعُلوم اَہلسُنّت غوثِ اعظم میں جاری

شعبہ جات

(۱) شعبۂ ناظرہ (۲) شعبۂ دینیات

(دارالعلوم کا تیار کردہ ایک سالہ تعلیمی نصاب اور انوار شریعت پڑھائی جاتی ہے)

(۳) شعبۂ تجوید وقرات (۴) شعبۂ حفظ

دارالعلوم کا موجودہ اسٹاف

- حافظ عمر فاروق اشرفی
- حافظ سمیر اشرف اشرفی
- حافظ ندیم انجم چشتی
- حافظ خالد اختر چشتی
- حافظ عبدالستار اشرفی
- حافظ اشفاق احمد اشرفی
- حافظ شہزاد احمد اشرفی
- حافظ سہیل انجم اشرفی
- حافظ محمد عرفان اشرفی
- حاجی سراج احمد اشرفی (نگراں)
- محترمہ ساجدہ آپا (طباخہ)

دَارُالاقامَہ

دارالعلوم ہذا میں مستحق ونادار طلباء کے رہنے، کھانے، پینے، سونے اور علاج ومعالجے کا بھی معقول نظم ہے۔ جس میں فی الحال 30 بچے موجود ہیں۔
اِن کی کفالت بھی زکوٰۃ، صدقات، عطیات، چرمِ قربانی ہی سے کی جاتی ہے۔

اب تک کے کُل فارغین کے اسمائے گرامی

شعبۂ حفظ

نمبرشمار	اسمائے فارغین	مکمل پتہ	تاریخ فراغت
1	محمد حسن محمد عثمان اشرفی	محوی نگر، مالیگاؤں	3 نومبر 2000ء
2	ایاز احمد منیر خان	غالب نگر، مالیگاؤں	3 نومبر 2000ء
3	عتیق احمد عبدالخالق اشرفی	ایوب نگر، مالیگاؤں	19 اکتوبر 2001ء
4	اشتیاق احمد مشتاق احمد	ایوب نگر، مالیگاؤں	19 اکتوبر 2001ء
5	محمد رمضان علی حسن	ایوب نگر، مالیگاؤں	19 اکتوبر 2001ء
6	محمد عمران نہال احمد	عبداللہ نگر، مالیگاؤں	19 اکتوبر 2002ء
7	محمد وسیم رضا علی اصغر	بھارت نگر، ناسک	19 اکتوبر 2002ء
8	محمد شفیع اشرفی علی حسن	ممبرا، ممبئی	19 اکتوبر 2002ء
9	عبدالغفار نور محمد اشرفی	اجنٹا، اورنگ آباد	19 اکتوبر 2003ء
10	محمد اسلم شیخ چاند	بلڈانہ	19 اکتوبر 2003ء
11	شیخ مدثر شیخ اجمیر	اجنٹا، اورنگ آباد	26 ستمبر 2004ء
12	سفیان احمد شبیر احمد	سلیم منشی نگر، مالیگاؤں	26 ستمبر 2004ء
13	شیخ صدیق محمد بشیر	اجنٹا، اورنگ آباد	9 ستمبر 2005ء
14	سمیر احمد سلیم احمد	جمہور نگر، مالیگاؤں	9 ستمبر 2005ء
15	شبیر احمد محمد حسن	محوی نگر، گلی نمبر۲، مالیگاؤں	9 ستمبر 2006ء
16	محمد اسمٰعیل چشتی اقبال احمد	خوش آمد پورہ، مالیگاؤں	2008ء
17	محمد ساجد نہال احمد	ایوب نگر، مالیگاؤں	2008ء
18	توصیف احمد محمد ہارون	راجہ نگر، مالیگاؤں	2009ء
19	ندیم انجم محمد رجب	خوش آمد پورہ، مالیگاؤں	2009ء
20	جلال احمد محمد اسرائیل	نجمہ آباد، مالیگاؤں	2009ء
21	احمد محسن صدیقی سلیم احمد	خوش آمد پورہ، مالیگاؤں	2009ء
22	اشتیاق احمد ارشاد احمد	گاندھی نگر، مالیگاؤں	2009ء

23	عبدالطیف شیخ چاند	نہال نگر، مالیگاؤں	2010ء
24	شیخ رمضان شیخ بشیر	آزاد نگر، مالیگاؤں	2010ء
25	برہانُ الدین رفیق شاہ	گلشیر نگر، مالیگاؤں	2010ء
26	محمد علی انوارالحق	راجہ نگر، مالیگاؤں	2010ء
27	خالد اختر عبدالحمید	بوہرہ باغ، مالیگاؤں	2010ء
28	طفیل احمد افضال احمد	آزاد نگر، مالیگاؤں	2010ء
29	رضوان احمد شکیل احمد	امن پورہ، مالیگاؤں	2010ء
30	کفیل احمد جمیل احمد	یوپی	2012ء
31	عبدالواحد ذوالفقار احمد قریشی	گلشیر نگر، مالیگاؤں	2012ء
32	محمد تعریف رضا محمد رفیق	یوپی	2013ء
33	عبدالستار مختار احمد	عباسیہ کالونی، مالیگاؤں	2013ء
34	محمد امین مختار احمد تنبولی	گلشن مدینہ، مالیگاؤں	2013ء
35	اویس احمد زبیر احمد	راجہ نگر، مالیگاؤں	2014ء
36	عاطف خان نیاز خان	شبیر نگر، مالیگاؤں	2015ء
37	عرفان احمد افتخار احمد	ایوب نگر، مالیگاؤں	2016ء
38	مسعود احمد سعید احمد اشرفی	گلشیر نگر، مالیگاؤں	2016ء
39	ذوالفقار احمد رمضان شیخ	بھیونڈی	2016ء
40	مجاہد اختر محمد اسرائیل	بوہرہ باغ، مالیگاؤں	2017ء
41	محمد حفظ الرحمٰن محمد مجیب الرحمٰن	امن پورہ، مالیگاؤں	2017ء
42	عبدالباسط عقیل احمد	بوہرہ باغ، مالیگاؤں	2017ء
43	محمد رمضان شبیر احمد	مدنی نگر، مالیگاؤں	2017ء
44	فیاض خان سیف اللہ خان	اندھیری، ممبئی	2017ء
45	نظام الدین محی الدین	عباسیہ کالونی، مالیگاؤں	2017ء
46	عبدالباسط اسرار احمد	بجرنگ واڑی، مالیگاؤں	2017ء
47	محمد ارسلان محمد شمیم	پوارواڑی، مالیگاؤں	2018ء
48	بلال انجم اخلاق احمد	غیاث نگر، مالیگاؤں	2018ء
49	اشفاق احمد شکیل احمد	گلشیر نگر، مالیگاؤں	2018ء
50	محمد رضوان محمد رمضان	خوش آمد پورہ، مالیگاؤں	2018ء

51	محمد شعبان محمد ہاشم	اعظم پورہ، مالیگاؤں	2018 ء
52	محمد نوید مومن ضیاء الدین	گلشن ابراہیم مالیگاؤں	2018 ء
53	اظہار احمد انور سلیم	غالب نگر، قلعہ، مالیگاؤں	2018 ء
54	محمد شہباز نور محمد	گلشیر نگر، مالیگاؤں	2018 ء
55	محمد ثاقب محمد ہارون	گلشن ابراہیم، مالیگاؤں	2018 ء
56	محمد رضوان محمد یوسف	گلشیر نگر، گلی نمبر۲، مالیگاؤں	2018 ء
57	شیخ جانباز شیخ محمد (کپڑے والے)	گلشن مدینہ، گلی نمبر ا، مالیگاؤں	2018 ء
58	عبد الرحمٰن عتیق احمد	بوہرہ باغ، مالیگاؤں	2019 ء
59	محمد اکرم رضا اصغر خان	راویر	2019 ء
60	شیخ ریحان شیخ آصف	نعمانی نگر، گلی نمبر ا، مالیگاؤں	2019 ء
61	محمد شمیم رضا منور علی	یوپی	2019 ء
62	محمد عمیس احکام اللہ	بوہرہ باغ، مالیگاؤں	2019 ء
63	محمد محتشم مسعود احمد	بجرنگ واڑی، مالیگاؤں	2019 ء
64	عادل خان جلیل خان	گلشن ابراہیم، مالیگاؤں	2019 ء
65	محمد شہباز شفیق احمد	چمن نگر، گلی نمبر ا، مالیگاؤں	2020 ء
66	ابوالحسان جمیل احمد	ہیرا پورہ، مالیگاؤں	2020 ء
67	محمد شاہد عبد العزیز	ایوب نگر، مالیگاؤں	2020 ء
68	اویس اختر ادریس احمد	مالدہ شیوار، مالیگاؤں	2020 ء
69	محمد انصار رضوان احمد	غوث پورہ، مالدہ شیوار، مالیگاؤں	2020 ء
70	تطہیر احمد تفسیر احمد	تڑوی نگر، مالیگاؤں	2021 ء
71	محمد شہزاد محمد سلیم	پوارواڑی، مالیگاؤں	2021 ء
72	محمد ماجد محمد سلیم	مومن پورہ، رولی روڈ، مالیگاؤں	2021 ء
73	محمد احمد عبد الرحمٰن	مورے نگر، سٹانہ	2022 ء
74	محمد شاکر نواب علی	سنت کبیر نگر، ضلع بستی، یوپی	2022 ء
75	محمد ساجد غلام جیلانی	11 ہزار کالونی، نیو مالیگاؤں	2022 ء
76	شیخ حفیظ شیخ شفیق	گلشیر نگر، گلی نمبر ا، مالیگاؤں	2022 ء
77	انصاری محمد حذیفہ حافظ عبد القادر	ماسٹر نگر، پلاٹ نمبر ۲۳، مالیگاؤں	2022 ء
78	سہیل انجم محمد یاسین	ہیرا پورہ، مالیگاؤں	2022 ء

79	محمد حسین قمر الزماں	گلشیر نگر، گلی نمبر 10، مالیگاؤں	2022ء
80	(مرحوم) محمد شعیب ارشاد احمد	داتار نگر، مالیگاؤں	2022ء
81	محمد مزمل چشتی شکیل احمد چشتی	حکیم نگر، مالیگاؤں	2023ء
82	عفان رضا محمد اشرف	گاندھی نگر، مالیگاؤں	2023ء
83	ارشد شادہ ایوب شاہ	گاندھی نگر، گلی نمبر 7، مالیگاؤں	2023ء
84	محمد عرفان محمد عمران	نجمہ آباد، مالیگاؤں	2023ء
85	عاطف اختر عقیل احمد	گلشن حسنین کریمین، مالیگاؤں	2023ء
86	محمد اویس اشفاق احمد	گلشن یاسین، مالیگاؤں	2023ء
87	محمد اکمل رضا محمد عرفان	ماسٹر نگر، مالیگاؤں	2023ء
88	ذوالفقار احمد اشرفی محمد حیات	داتار نگر، مالیگاؤں	2023ء
89	شمس عالم خورشید عالم	گلشن ابراہیم، گلی نمبر 3 مالیگاؤں	2024ء
90	ابوبکر خان شاہد علی خان مرحوم	گلشیر نگر، گلی نمبر 14، مالیگاؤں	2024ء
91	حسان ملک محمد عمران	ماسٹر نگر، گلی نمبر 1، مالیگاؤں	2024ء
92	محمد اشرف محمد شعبان اشرفی	حاجی احمد پورہ، دیانہ، مالیگاؤں	2024ء
93	محمد فیضان محمد شعبان	گلشن مدینہ، گلی نمبر 2، مالدہ شیوار	2025ء
94	شیخ ظہیر شیخ خلیل	سوندگاؤں پھاٹا، مالدہ شیوار	2025ء
95	ذیشان اشرف محمد ہارون	راجہ نگر، گلی نمبر 3، مالیگاؤں	2025ء
96	محمد عرفان محمد افتخار	11 ہزار کالونی، روم نمبر 10 مالیگاؤں	2025ء
97	محمد زوہیب اشرف عبید الرحمٰن (نو بہار)	اسلام نگر، مالیگاؤں	2025ء
98	شیخ کلیم شیخ سلیم	منشی شعبان نگر گھر نمبر 16 مالیگاؤں	2025ء
99	حافظ محمد ہاشم صلاح الدین	انبھٹیا، نظامیہ مسجد، سورت	۱۴۴۷ھ بمط 2026ء
100	حافظ محمد ذیشان سعود اختر	رحمت آباد، مالیگاؤں	۱۴۴۷ھ بمط 2026ء
101	حافظ محمد عمیس اشفاق احمد	باغ عیسیٰ، گرنا روڈ، مالیگاؤں	۱۴۴۷ھ بمط 2026ء
102	حافظ محمد شعیب محمد مزمل	امن پورہ، مالیگاؤں	۱۴۴۷ھ بمط 2026ء
103	حافظ عبد الرحمٰن حافظ عمر فاروق اشرفی	امن پورہ، مالیگاؤں	۱۴۴۷ھ بمط 2026ء
104	حافظ شیخ ریحان شیخ ایوب	منشی شعبان نگر، مالیگاؤں	۱۴۴۷ھ بمط 2026ء
105	حافظ حسان ملک محمد شاہد	گلشن مدینہ، گلی نمبر ا، مالیگاؤں	۱۴۴۷ھ بمط 2026ء
106	حافظ عفان سعود عتیق احمد	گلشن حنیف ملی، مالیگاؤں	۱۴۴۷ھ بمط 2026ء

شعبۂ تجوید وقرأت

نمبرشمار	اسمائے فارغین	مکمل پتہ	تاریخ فراغت
1	محمد زاہد محمد سلیم	راجہ نگر، گلی نمبر 5، مالیگاؤں	9 ستمبر 2005ء
2	صدیقی احمد محسن محمد سلیم	رضا چوک، خوش آمد پورہ مالیگاؤں	9 ستمبر 2005ء
3	توصیف احمد محمد ہارون	راجہ نگر، مالیگاؤں	9 ستمبر 2005ء
4	عبیدالرحمٰن حافظ ساجد حسین اشرفی	راجہ نگر، گلی نمبر 5، مالیگاؤں	9 ستمبر 2005ء
5	ضیاء المصطفیٰ محمد اسمٰعیل	راجہ نگر، گلی نمبر 5، مالیگاؤں	9 ستمبر 2005ء
6	شیخ سلیم شیخ عبدالرحیم	عباس نگر، مالیگاؤں	9 ستمبر 2005ء
7	اشتیاق احمد ارشاد احمد	گاندھی نگر، مالیگاؤں	9 ستمبر 2005ء
8	شفیع الدین نظام الدین	گاندھی نگر، مالیگاؤں	9 ستمبر 2005ء
9	خلیل احمد عبدالعزیز	روشن آباد، مالیگاؤں	9 ستمبر 2005ء
10	سمیر احمد سلیم احمد	جمہور نگر، مالیگاؤں	2006ء
11	محمد ساجد نہال احمد	ایوب نگر، مالیگاؤں	2006ء
12	محمد اسمٰعیل اقبال احمد	خوش آمد پورہ، مالیگاؤں	2006ء
13	محمد راشد سلیم احمد (پینٹر)	بوہرہ باغ، مالیگاؤں	2006ء
14	ندیم انجم محمد رجب	خوش آمد پورہ، مالیگاؤں	2006ء
15	فضل الرحمٰن محمد اصغر	نعمانی نگر، مالیگاؤں	2006ء
16	حافظ محمد راشد عبدالواحد	مالدہ شیوار، مالیگاؤں	2006ء
17	حافظ رحمت اللہ برکت اللہ	خوش آمد پورہ، مالیگاؤں	2006ء
18	حافظ عمر فاروق سراج احمد	امن پورہ، مالیگاؤں	2006ء
19	محمد امین محمد انصاری	خوش آمد پورہ، مالیگاؤں	2006ء
20	وسیم رضا ماسٹر جمیل احمد	ہزار کھولی، مالیگاؤں	2006ء
21	رئیس احمد محمد مرتضیٰ	راجہ نگر، مالیگاؤں	2006ء
22	اخلاق احمد	خوش آمد پورہ، مالیگاؤں	2006ء
23	حفظ الرحمٰن حاجی مجیب الرحمٰن	امن پورہ، مالیگاؤں	2018ء
24	محمد رضوان محمد رمضان	خوش آمد پورہ، مالیگاؤں	2018ء
25	مجاہد اختر محمد اسرائیل	بوہرہ باغ، مالیگاؤں	2018ء
26	اشفاق احمد شکیل احمد	گلشیر نگر، گلی نمبر 7، مالیگاؤں	2018ء

27	محمد ارسلان محمد شمیم	پوارواڑی، مالیگاؤں	2018 ء
28	عبدالباسط اسرار احمد	بجرنگ واڑی، مالیگاؤں	2018 ء
29	محمد شعبان محمد ہاشم	اعظم پورہ، مالیگاؤں	2018 ء
30	محمد اکرم رضا اصغر خان	راویر	2018 ء
31	محمد شمیم رضا منور علی	لبدھا، ضلع بستی، مالیگاؤں	2018 ء
32	بلال انجم اخلاق احمد	غیاث نگر، مالیگاؤں	2018 ء
33	محمد شہزاد انجم محمد سلیم	پوارواڑی، مالیگاؤں	2018 ء
34	محمد عرفان افتخار احمد	11 ہزار کالونی، نیو مالیگاؤں	2025 ء
35	محمد زوہیب اشرف عبید الرحمٰن (نو بہار)	اسلام نگر، مالیگاؤں	2025 ء
36	حسان ملک محمد شاہد	گلشن مدینہ، مالدہ شیوار، مالیگاؤں	2025 ء
37	فرحان اختر محمد اسمٰعیل	ہیراپورہ، مالیگاؤں	2025 ء
38	محمد ذیشان سعود اختر	رحمت آباد، مالیگاؤں	2025 ء
39	محمد عمیس اشفاق احمد	باغِ عیسیٰ، گرنا روڈ، مالیگاؤں	2025 ء
40	عبدالرحمٰن حافظ عمر فاروق اشرفی	امن پورہ، مالیگاؤں	2025 ء
41	شیخ ریحان شیخ ایوب	منشی شعبان نگر، مالیگاؤں	2025 ء
42	غلام علی مقبول حسن	امن پورہ، ڈپو مین روڈ، مالیگاؤں	2025 ء
43	شیخ کلیم شیخ سلیم	منشی شعبان نگر، مالیگاؤں	2025 ء
44	محمد مصطفیٰ عبدالوہاب	امن پورہ، مالیگاؤں	2025 ء
45	جنید رضا حسام الدین	جمہور نگر، گلی نمبر ۱، مالیگاؤں	2026 ء
46	محمد سفیان شفیق احمد	جونا آزاد نگر، گلی نمبر ۹، مالیگاؤں	2026 ء
47	التمش خان جابر خان	گلشیر نگر، گلی نمبر ۷، مالیگاؤں	2026 ء
48	محمد فیضان محمد شعبان	گلشن مدینہ، گلی نمبر ۲، مالیگاؤں	2026 ء
49	اویس انجم رئیس احمد	گلی مسجد خالد بن ولید، امن پورہ	2026 ء
50	محمد شعیب محمد مزمل	امن پورہ، مالیگاؤں	2026 ء
51	محمد اسمٰعیل محمد جعفر	زہرا پارک، لبیک ہوٹل کے پیچھے	2026 ء

دارالعلوم اہلسنّت غوثِ اعظم کے زیرِ اہتمام

جَامِعہ اَہلسُنّت اُمِّ حَبِیبہ لِلبَنات میں جاری

شعبہ جات

(۱) شعبۂ ناظرہ (۲) شعبۂ دینیات

(دارالعلوم کا تیار کردہ ایک سالہ تعلیمی نصاب اور انوارِ شریعت پڑھائی جاتی ہے)

(۳) شعبۂ تجوید و قرآت (۴) شعبۂ عالمیت

(۵) شعبۂ فضیلت (۶) مومنہ کورس (۷) شعبۂ حفظ

جامعہ کا موجودہ اسٹاف

- فاضلہ مسعودہ نازش صاحبہ
- فاضلہ انیسہ خاتون صاحبہ
- حبیبی آمنہ فردوس صاحبہ
- حبیبی تبسم ناز صاحبہ
- حبیبی فاطمہ کبریٰ صاحبہ
- حبیبی عارفہ انجم صاحبہ
- حبیبی رقیہ ارم صاحبہ
- حبیبی ساریہ صدف صاحبہ
- حبیبی ذکیہ صاحبہ
- حبیبی عرشین فاطمہ صاحبہ
- حبیبی صائمہ کوثر صاحبہ
- حبیبی ثنا کوثر صاحبہ
- حبیبی صالحہ صدف صاحبہ

دارالعلوم اہلسُنَّت غوثِ اعظم کے زیر اہتمام

جامعہ اہلسنت خدیجہ حجن للبنات میں جاری شعبہ جات

(۱) شعبۂ ناظرہ (۲) شعبۂ دینیات
(دارالعلوم کا تیار کردہ ایک سالہ تعلیمی نصاب اور انوار شریعت پڑھائی جاتی ہے)
(۳) شعبۂ تجوید وقرأت (۴) شعبۂ عالمیت (۵) شعبۂ فضیلت
(۶) شعبۂ حفظ (۷) شعبۂ تعلیم بالغاں (برائے خواتین)

جامعہ کا موجودہ اسٹاف

☆...... فاضلہ انیسہ خاتون صاحبہ ☆...... حبیبی آصفہ فردوس صاحبہ
☆...... حبیبی رومانہ رفعت صاحبہ ☆...... حبیبی یاسمین کوثر صاحبہ
☆...... حبیبی فاطمہ صغریٰ صاحبہ ☆...... حبیبی انجم آراء صاحبہ
☆...... حبیبی انعم سحر صاحبہ ☆...... حبیبی اریبہ ارم صاحبہ ☆...... حبیبی ثمرین ارم صاحبہ

دارالعلوم اہلسُنَّت غوثِ اعظم کے زیر اہتمام

مدرسہ اہلسنت نورالنساء عبدالسلام میں جاری شعبہ جات

(۱) شعبۂ ناظرہ (۲) شعبۂ دینیات
(دارالعلوم کا تیار کردہ ایک سالہ تعلیمی نصاب اور انوار شریعت پڑھائی جاتی ہے)
(۳) شعبۂ تجوید وقرأت (۴) شعبۂ عالمیت (۵) شعبۂ تعلیم بالغاں (برائے خواتین)

مدرسہ کا موجودہ اسٹاف

معلمین : (۱) حافظ شہزاد احمد اشرفی (۲) حافظ سہیل انجم اشرفی (۴) حافظ محمد اشرف اشرفی

معلمات

☆...... حبیبی عرشین فردوس صاحبہ ☆...... حبیبی منورہ ناز صاحبہ
☆...... محترمہ بی بی آمنہ صاحبہ

اب تک کے کُل (مشترکہ) فارغات کے اسمائے گرامی

شعبۂ عالمیت و فضیلت

نمبر شمار	اسمائے فارغین	مکمل پتہ	تاریخ فراغت
1	حبیبی عقیلہ فردوس محمد شریف	غیاث نگر، مالیگاؤں	۱۴۳۱ھ بمطابق 2010ء
2	حبیبی منیرہ طلعت رئیس احمد	گلشیر نگر، مالیگاؤں	۱۴۳۱ھ بمطابق 2010ء
3	حبیبی نازیہ ناز نیاز احمد	سلامت آباد، مالیگاؤں	۱۴۳۱ھ بمطابق 2010ء
4	حبیبی علقمہ فردوس عبدالمجید	ایوب نگر، مالیگاؤں	۱۴۳۱ھ بمطابق 2010ء
5	حبیبی آصفہ فردوس عقیل احمد	غیاث نگر، مالیگاؤں	۱۴۳۱ھ بمطابق 2010ء
1	حبیبی فرحانہ فرحت حافظ محمد اسمٰعیل یار علوی	گولڈن نگر، مالیگاؤں	۱۴۳۳ھ بمطابق 2012ء
2	حبیبی عائشہ غلام رسول	گلشن یاسین، مالیگاؤں	۱۴۳۳ھ بمطابق 2012ء
3	حبیبی آسمہ خاتون غلام رسول	گلشن یاسین، مالیگاؤں	۱۴۳۳ھ بمطابق 2012ء
4	حبیبی انجم آراء عبدالسلام	غیاث نگر، مالیگاؤں	۱۴۳۳ھ بمطابق 2012ء
5	حبیبی بلقیس عبدالستار	نعمانی نگر، مالیگاؤں	۱۴۳۳ھ بمطابق 2012ء
6	حبیبی سعیدہ ترنم عبدالغفار	گلی نمبر 9، گلشیر نگر، مالیگاؤں	۱۴۳۳ھ بمطابق 2012ء
7	حبیبی شیریں افروز محمد شفیق	نعمانی نگر، مالیگاؤں	۱۴۳۳ھ بمطابق 2012ء
1	حبیبی نگینہ فاطمہ رئیس احمد	غیاث نگر، مالیگاؤں	۱۴۳۴ھ بمطابق 2013ء
2	حبیبی رقیہ فردوس عبدالعزیز	پوارواڑی، مالیگاؤں	۱۴۳۴ھ بمطابق 2013ء
3	حبیبی آمنہ بی عبدالرشید	نظام پورہ، مالیگاؤں	۱۴۳۴ھ بمطابق 2013ء
4	حبیبی شاہینہ کوثر عبدالخالق	نیا اسلام پورہ، مالیگاؤں	۱۴۳۴ھ بمطابق 2013ء
5	حبیبی ثناء کوثر فتح محمد	گاندھی نگر، مالیگاؤں	۱۴۳۴ھ بمطابق 2013ء
6	حبیبی حبیبہ کوثر محمد جاوید	راجہ نگر، مالیگاؤں	۱۴۳۴ھ بمطابق 2013ء
7	حبیبی صابرین صدف صادق علی	گلشیر نگر، مالیگاؤں	۱۴۳۴ھ بمطابق 2013ء
1	حبیبی ثناء کوثر محمد سعید	مالیگاؤں	۱۴۳۵ھ بمطابق 2014ء
2	حبیبی ثناء فردوس محمد اسمٰعیل	عائشہ نگر، مالیگاؤں	۱۴۳۵ھ بمطابق 2014ء
انحطاط کے اس دور میں جبکہ ہر طرف پیسہ کا رجحان ہے۔جس سے تمام تر دماغی بیماریاں جنم لے رہی ہیں۔ اِن سے بچنے کے لیے اللہ پر یقین، اعمال وتعویذات اور اولیاء کرام اور بزرگان دین کے مزارات پر حاضری بہت ہی مجرب عمل ہے جو لوگوں کو ذہنی تناؤ سے نجات دلاتی ہے۔ اشرف الحفاظ علیہ الرحمہ جنہیں ولی کامل حضور سرکارکلاں سید مختار اشرف علیہ الرحمہ اور آپ کے فرزندان حضور انوار المشائخ سید انوار اشرف علیہ الرحمہ اور حضور مفکر اسلام سید علی اشرف علیہ الرحمہ اور نبیرہ سرکارکلاں حسن العلماء سید احسن اشرف قبلہ سے تمام اوراد ووظائف، اعمال ونقوش کی اجازت حاصل ہے۔ تعلیمی، تعمیری، اشاعتی تبلیغی سرگرمیوں کے علاوہ دارالعلوم غوث اعظم میں۔ ''اشرفیہ شفاخانہ'' بھی روز اول سے جاری ہے۔ جہاں روزآنہ درجنوں روحانی مریض فیضان اشرف سے مستفیض ہورہے ہیں۔الحمدللہ! ۲۷ سال اشرف الحفاظ علیہ الرحمہ نے اس خدمت کو فی سبیل اللہ انجام دیا اور آپ کے بعد آپ کے فرزند قاری عبید الرحمن اشرفی صاحب نے اشرفیہ شفاخانے کی خدمات کو جاری رکھا ہے۔ جنہیں سال گزشتہ شہزادہ سرکارکلاں پیر طریقت حسن المشائخ حضرت سید حسن اشرف قبلہ سے سلسلہ عالیہ، قادریہ، چشتیہ، اشرفیہ کی خلافت واجازت حاصل ہے۔

درس قرآن کمیٹی:

قرآن مجید تمام آسمانی کتابوں میں ارفع واعلیٰ ہے اور عربی زبان میں نازل ہوا، اس لیے صحابہ کرام کے لیے قرآن مجید کی صرف تلاوت کر لینا کافی تھا۔ مگر وہ مسلمان جو عربی سے ناواقف ہیں ان کے لیے قرآن مجید کو سمجھنا مشکل ہے۔ اشرف الحفاظ علیہ الرحمہ نے اسی فکر کو لیے خواتین میں درس قرآن کا آغاز کیا اور ۱۳ سالوں سے دارالعلوم ہٰذا کی درس قرآن کمیٹی کے زیر اہتمام ہر ہفتہ اتوار کو درس قرآن (برائے خواتین) کا اہتمام کیا جاتا ہے۔

شعبۂ تعلیم بالغان:

''علم کا حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔'' آقا کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس قول کے مطابق علم کا حاصل کرنا مرد وعورت دونوں پر فرض ہے۔ اور حصول علم کی کوئی عمر متعین نہیں ہے۔ شعبۂ تعلیم بالغاں میں بالغ یعنی بڑی عمر کے مرد وخواتین کو مختلف اوقات میں درست مخارج اور قواعد کی ادائیگی کے ساتھ قرآن مجید پڑھایا جاتا ہے۔

شعبۂ دارالافتاء:

اشرف الحفاظ علیہ الرحمہ کی امت محمدیہ کی خیر خواہی واصلاح مسلمین کی فکر کے نتیجے میں دارالافتاء بنام ''انوار المشائخ دارالافتاء'' معرض وجود میں آیا۔ جس کا افتتاح غازئ دوراں پیر طریقت حضرت علامہ مولانا سید قاسم اشرف اشرفی الجیلانی (کچھوچھہ شریف) کے دست مبارک سے ہوا۔ اب تک سینکڑوں فتاوے مختلف مسائل شرعیہ پر دیے جا چکے ہیں اور مالدہ شیوار وقرب وجوار جیسے پسماندہ علاقوں میں عوام الناس کے رہنمائی کی گئی۔

عرس کمیٹی:

اشرف الحفاظ علیہ الرحمہ کی زیر سرپرستی عرس کمیٹی تشکیل دی گئی۔ اس کمیٹی کے زیر اہتمام بزرگان دین کے اعراس مبارکہ کی تواریخ میں مختلف پروگرامات، محافل نعت ومنقبت اور لنگر کا اہتمام کیا جاتا ہے۔

میڈیا:

میڈیا کے اس دور میں ٹیکنالوجی عروج پر ہے۔ خاص طور پر انٹرنیٹ کی ایجاد کے بعد سوشل

میڈیا کے ذریعے دنیا بھر میں کہیں بھی روابط کا ایک نیا سلسلہ شروع ہوگیا ہے۔ وہاٹس ایپ، فیس بک، یوٹیوب اور اس طرح کی دیگر ویب سائٹس نے دنیا بھر میں اپنے کروڑوں صارفین بنائے ہیں۔ ترقی کے اس دور میں کئی تنظیمیں ان ویب سائٹس کے ذریعے اسلامی تعلیمات کو عام کرنے میں منہمک ہیں، وہیں اشرف الحفاظ کی ایماء پر دارالعلوم غوث اعظم نے کچھ سالوں قبل وہاٹس ایپ، یوٹیوب اور فیس بک کے ذریعے بھی ان خدمات کو انجام دیا۔ اور الحمدللہ یہ سلسلہ آج بھی جاری ہے۔ یوٹیوب پر ''اشرف الحفاظ آفیشیل'' نامی چینل جس پر اب تک 4,00,000 سے زائد ویوز ہیں۔ وہاٹس ایپ پر۔ ''اشرف الحفاظ گروپ'' نامی گروپ جس میں ممبران کی تعداد 350 سے زائد ہیں۔ فیس بک پر دو پیجز ''حافظ ساجد حسین اشرفی'' اور ''دارالعلوم غوث اعظم''، جس میں 2,00,000 سے زیادہ ویوز ہیں۔ حال ہی میں اشرف الحفاظ وہاٹس ایپ چینل کا آغاز کیا گیا۔

شعبۂ میڈیکل:

میڈیکل سائنس اور بیماریوں کی تشخیص میں جہاں حیرت انگیز ایجادات ہوئی ہیں اور علاج کی سہولیات میں ماضی کی نسبت کہیں زیادہ اضافہ ہوا ہے، وہاں امراض کی تشخیص اور علاج بھی انتہائی مہنگا ہوا ہے اور کم آمدنی والے افراد کے لئے علاج کے اخراجات ناقابل برداشت ہو چکے ہیں۔ ایسے حالات میں عام آدمی کے لئے نفع ونقصان کی سوچ کے بغیر سستے اور فوری علاج کی سہولیات کے لیے اقدامات کرنا، میڈیکل کیمپ لگانا بہت بڑی انسانی خدمت اور عبادت ہے۔ مالدہ شیوار جیسے متوسط اور پسماندہ علاقوں میں ان خدمات کی اشد ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے دارالعلوم غوث اعظم کے زیر اہتمام اور حضرت آمنہ ٹرسٹ کے اشتراک سے دارالعلوم ہذا میں ہر ہفتہ بروز اتوار اور بدھ ''اشرف الحفاظ طبی مرکز'' کا قیام عمل میں آیا۔ جہاں اب تک 1000 سے زائد مریضوں نے فری میڈیکل کی سہولیات سے استفادہ کیا ہے اور یہ سلسلہ مزید جاری ہے۔

شعبۂ اصلاح معاشرہ (برائے خواتین):

ہمارے معاشرے میں اسلامی ماحول پیدا کرنے میں خواتین کا اہم کردار رہا ہے۔ کیونکہ ماں کی گود بچے کی اولین درسگاہ ہے جن میں پروان چڑھنے والے بچے ہماری قوم کے سرمایۂ

افتخار ہیں۔ اگر خواتین مزید اصلاح پسند اور شریعت مطہرہ کی پابند ہو جائیں تو وہ آج بھی اپنے بطن سے خالد بن ولید اور محمد بن قاسم جیسے فرزند پیدا کر سکتی ہیں۔ اسی جذبے کے تحت دارالعلوم غوث اعظم کے پرچم تلے اور جامعہ ام حبیبہ للبنات اور جامعہ خدیجہ حجن للبنات کے زیر اہتمام شعبۂ اصلاح معاشرہ کا آغاز ہوا۔ جہاں شہر کے مختلف علاقوں میں مختلف مواقعوں سے خواتین بیداری اصلاحی وتربیتی اجتماعات کا انعقاد کیا جاتا ہے۔ بالخصوص بانیٔ ادارہ الحاج حافظ حسین اشرفی علیہ الرحمہ کی تاریخ وصال کی مناسبت سے دارالعلوم کے زیر اہتمام جاری چاروں مساجد کے علاقوں میں معلمات کے ذریعے خواتین کا اجتماع منعقد کیا جاتا ہے۔

دارالعلوم غوث اعظم کا امتیاز

بانیٔ ادارہ اشرف الحفاظ الحاج حافظ ساجد حسین اشرفی علیہ الرحمہ کی زیر سرپرستی دارالعلوم کو درج ذیل امتیازی حیثیت حاصل ہے۔

ایک نشست میں مکمل حفظ قرآن سنانے کی سعادت حاصل کرنے والے شہر عزیز کے اولین طلباء جو درج ذیل ہیں۔

(۱) حافظ کفیل احمد (امن چوک، مالیگاؤں) (۲) حافظ تعریف رضا (بستی، یوپی)

(۳) حافظ محمد اویس (راجہ نگر، مالیگاؤں) (۴) حافظ مجاہد اختر (بوہرہ باغ، مالیگاؤں)

مثالی فارغات:

(۱) محترمہ حبیبی آسمہ خاتون غلام رسول صاحبہ (۱۳ سال کی عمر میں ختم بُخاری شریف کی سعادت حاصل کی۔)

(۲) محترمہ حبیبی عابدہ صاحبہ (مرحومہ) (۶۵ سال کی عمر میں شعبہ تجوید وقرأت اور شعبۂ فضیلت سے سند فراغت حاصل کی۔)

(۳) محترمہ حبیبی شرمین فاطمہ حافظ اشتیاق احمد اشرفی صاحبہ (۷ سال کی عمر میں تجوید وقرأت کی سند حاصل کی۔)

(۴) محترمہ حبیبی طہورا ارم حافظ عمر فاروق اشرفی صاحبہ (صرف ساڑھے پانچ سال کی عمر میں ناظرہ قرآن کریم مع التجوید ختم کیا۔)



دارالعلوم و جامعات میں قدم رنجا فرما کر دعاؤں سے نوازنے والی کچھ عظیم شخصیات

شہزادۂ سرکار کلاں مفکر اسلام حضرت علامہ

سید علی اشرفی الجیلانی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نحمدہٗ ونصلی علی رسولہ المختار

آج مورخہ 28 دسمبر 2008ء یوم یکشنبہ دارالعلوم اہلسنت غوث الاعظم مالدہ شیوار مالیگاؤں مہتمم ادارہ حافظ ساجد حسین اشرفی کی دعوت پہ آنے کا اتفاق ہوا۔

دارالعلوم کے انتظامی اور تعلیمی امور کو دیکھ کر حسن انتظام سے بڑی مسرت ہوئی۔ آج کے اس دور میں دینی تعلیم کی سخت ضرورت ہے خصوصاً ایسے ادارے جو مسلک اہلسنت، اولیاء کرام، بزرگان دین اور صوفیائے عظام کی روحانی شخصیتوں سے جڑے پڑے ہیں ان سے تعلق رکھتے ہیں۔

خوشی ہوئی کہ یہ ادارہ اس اہم ضرورت کو پورا کر رہا ہے۔ دعا گو ہوں کہ مولا تعالی اس کار خیر میں جو لوگ بھی تعاون پیش کر رہے ہیں۔ انہیں اجر عظیم عطا فرمائے۔ اور دارالعلوم کو مزید ترقی و کامیابی کی طرف لے جائے۔ نیز مہتمم ادارہ کی خدمات کو مولا تعالی قبولیت عطا فرمائے۔ آمین

سید علی اشرفی (کچھوچھہ شریف) 28 دسمبر 2008ء

شہزادۂ سرکار کلاں انوار المشائخ حضرت علامہ

سید انوار اشرف اشرفی الجیلانی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

آج مورخہ 15 اگست 2008ء کو دارالعلوم غوث اعظم کے سالانہ اجلاس میں شرکت کے لیے مالیگاؤں آنا ہوا۔ ایک روز قبل دارالعلوم غوث اعظم بھی جانے کا اتفاق ہوا۔ وہاں کی تعمیری و ترقی سرگرمیوں کا جائزہ لیا دارالعلوم کے تیسرے منزل کی بنیاد بھی ڈالی۔ دارالعلوم کو دیکھ کر بے پناہ مسرت ہوئی کہ تھوڑے سے عرصے میں اس ادارے نے کتنی ترقی حاصل کی دارالعلوم غوث اعظم کی شاندار بلڈنگ مدرسین کا بہترین اسٹاف اراکین وممبران کی بے لوث خدمت اور محنت اور تمام لوگوں کے تعاون

واشتراک سے آج یہ ادارہ ترقی کی شاہراہ پر گامزن ہے۔اس ادارے کی ترقی وتعمیری کاموں کے لیے میں حافظ ساجد حسین اشرفی کو مبارکباد دیتا ہوں جنہوں نے کم وقت میں ایک عظیم ادارہ دارالعلوم غوث اعظم مالیگاؤں میں قائم کیا۔اس ادارے کے لیے میری دعائیں ہمیشہ رہیں گی۔مولیٰ تعالیٰ دارالعلوم غوث اعظم کواور ترقی عطا فرمائے۔آمین۔اور اس ادارے کے اراکین وممبران ومحبین ومخلصین کو خدمت کرنے کا اور جذبہ عطا فرمائے۔آمین

میں تمام اشرفیوں سے خاص کر اپنے مریدین سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ دارالعلوم غوث اعظم کی دل کھول کر مدد کریں تا کہ یہ ادارہ آگے چل کر عظیم الشان ادارہ بن جائے۔آمین

میری دعائیں حافظ ساجد حسین اشرفی اور تمام اراکین کے ساتھ ہیں۔

فقط والسلام

محمد انوار اشرف،17 اگست 2008ء

بروز اتوار مالیگاؤں ناسک

خطیب یورپ وایشیاء شہزادۂ مخدوم سمناں حضرت علامہ الحاج

سید صغیر اشرف اشرفی الجیلانی

(صالح پور شریف، ضلع بستی، یوپی، انڈیا)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

مورخہ ۴ شعبان ۱۴۲۶ھ بمطابق ۹ ستمبر ۲۰۰۵ءکوعزیز گرامی حافظ ساجد احمد اشرفی کی دعوت پر دارالعلوم غوث اعظم کے سالانہ جلسے میں شرکت کی غرض سے حاضر ہوا۔میری آمد میرے یقین میں اضافے کا باعث بنی کہ اگر بندہ اپنے رب کے اخلاص رکھے تو اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی عنایت نوازشیں عطائیں اور مہربانیاں قدم قدم پر دستگیری کرتی ہیں اور حالات کی انتہائی نامساعدت کے باوجود بندہ اپنے ارادے اور عزائم میں کامراں ہوتا ہے حافظ ساجد زید مجدہ اس کے تابندہ مثال ہیں اس ادارے کی رسم سنگ بنیاد اس فقیر کے ہاتھوں 2002ء میں رکھی تھی اور دیکھتے ہی دیکھتے محض قلیل تین سالوں میں ایک شاندار عمارت اور مسجد کی تعمیر مکمل ہو چکی ہے خدائے بزرگ حافظ ان کے رفقاء معاونین دارالعلوم غوث اعظم کے ذمہ داران واراکین کے حوصلوں کو جوان اور تابندہ رکھے اور ادارہ ہذا کو روز بروز ترقی عطا فرمائے۔

دعا گو : سید صغیر اشرف 10 ستمبر 2005ء

شہزادۂ شیخ اعظم حضرت الحاج سید محمد اشرف اشرفی الجیلانی

(چیف ایڈیٹر ماہنامہ غوث العالم، کچھوچھہ شریف)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اے اشرف زمانہ زمانے مددنما　　　　در ہائے بستہ راز کلید کرم کشا

دو سال قبل مدرسہ غوث اعظم میں آنے کا شرف حاصل ہوا تھا اس وقت مدرسہ ہذا کا ڈھانچہ ہی موجود تھا یعنی کہ دیواریں تیار ہو چکی تھی پر چھت کا کام باقی تھا بحمدہ تعالیٰ آج مدرسہ غوث اعظم میں جب پہنچا تو یقین نہیں ہو رہا تھا کہ میں دو سال قبل جس جگہ آیا تھا یہ وہی ہے مختار اشرف ہال اور اس سے لگے ہوئے دو کشادہ کمرے اور عمارت کی سجاوٹ بتا رہی ہے کہ اراکین مدرسہ اور حافظ ساجد اشرفی نے کس طرح اور کتنی محنت کی ہوگی اللہ تبارک وتعالیٰ اراکین مدرسہ اور حافظ ساجد کی اس پر خلوص خدمت کو قبولیت عطا فرمائے اور حضرت سیدنا غوث اعظم مخدوم سلطان سید اشرف جہانگیر سید شاہ علی حسین اعلیٰ حضرت اشرفی مخدوم المشائخ کے فیضان کرم سے مدرسہ ہذا اور اس کے اراکین واساتذہ کو مالا مال فرمائے اور اس مدرسہ کی خدمت کرنے والوں کی تمام ضروریات کو بطفیل مخدوم اشرف جہانگیر پیر مرشد سید محمد مختار اشرف پورا فرمائے آمین۔ مدرسہ ہذا کو ترقی شاہراہ پر گامزن فرمائے۔ آمین

فقط: فقیر اشرفی گدائے جیلانی سید محمد اشرف

21 فروری 2004ء

مفسر قرآن خلیفہ سرکار کلاں بحر العلوم

حضرت علامہ مفتی معین الدین اشرفی مدظلہ

(سابق صدر مفتی جامع اشرف، کچھوچھہ شریف)

باسمہ تعالیٰ وتقدس علی رسولہ وعلی تبارک

آج مورخہ 15 ربیع النور ۱۴۳۱ھ یکم مارچ ۲۰۱۰ء دارالعلوم غوث اعظم مالیگاؤں کو عین تعلیم کے وقت دیکھنے کی سعادت حاصل ہوئی، مدرسہ کی تعمیر، تعلیم، نصاب، نظام دیکھ کر خصوصاً حضرات معلمین کرام اور معلمات کی تعلیمی مصروفیات دیکھ کر بڑی حقیقی مسرت حاصل ہوئی، حضرات اساتذہ کرام بالخصوص حضرت حافظ محمد ساجد صاحب قبلہ اشرفی خلیفہ ومجاز حضور انوار المشائخ حضرت سید انوار میاں صاحب قبلہ کے اخلاق کریمانہ بے حد متاثر کیا۔ مدارس بہت ہیں مگر سنی لڑکیوں کی تعلیم وتربیت کے لیے ابھی اہلسنت کی زمین پر ایسے مدارس خال خال ہی نظر آئے ہیں۔ عربی تعلیم نسواں کے انتظام کی اشد

ضرورت کو دارالعلوم غوث اعظم نے پورا کر کے سنیت کی بڑی خدمات کا فریضہ انجام دیا ہے۔ دعا ہے کہ مولائے کریم اس چمنستان علم گلستان معرفت کو ہمیشہ شاد آباد رکھے کہ اس کے اراکین مدرسین معاونین سب کو سعادت دارین سے مالا مال فرمائے آمین بجاہ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم۔

فقط: محمد معین الدین اشرفی مصباحی، فیض آباد، یوپی

شہزادہ عثمان غنی رضی اللہ عنہ

حضرت علامہ قمر غنی عثمانی قادری صاحب قبلہ

باسمہ تعالیٰ و بکرم حبیبہ الاعلیٰ

بحمدہ تعالیٰ آج ۳۱ دسمبر ۲۰۲۰ء بمطابق ۱۵ جمادی الآخر ۱۴۴۲ھ شہر مالیگاؤں کے ادارہ دارالعلوم اہلسنت غوث اعظم میں حاضری کا موقعہ ملا۔ شہر کے مضافاتی علاقہ میں دارالعلوم کی پر شکوہ عمارت دیکھ کر بے انتہا مسرت و شادمانی ہوئی۔ ساتھ ہی ساتھ کلاسوں میں بھی حاضری ہوئی مدرسین وطلبہ تعلیم و تعلم میں منہمک پایا۔ کنیزان فاطمہ علی ابیہا وعلیہا السلام کی بڑی تعداد یہاں سے اپنی علمی تشنگی کو بجھا رہی ہیں اور تبلیغ دین میں مشغول ہو رہی ہیں۔ یہ سب ثمرہ ہے محترم المقام حافظ ساجد حسین اشرفی زید مجدہ اور ان کے رفقاء کار کی محنتوں کا۔ رب کریم کی بارگاہ میں دعا ہے کہ اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے و طفیل ادارے کو دن دونی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے۔ آمین بجاہ النبی الکریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم

فقط: قمر غنی عثمانی قادری رضوی

(بانی وصدر تحریک فروغ اسلام و نائب سجادہ خانقاہ نظامیہ چشتیہ، امیٹھی شریف)

سربراہ اعلیٰ ازہر ہند حضرت علامہ عبد الحفیظ صاحب قبلہ

جانشین حافظ ملت (الجامعۃ الاشرفیہ، مبارک پور)

نحمدہ و نصلی و تسلیم علی حبیبہ الکریم

کافی دنوں سے دارالعلوم غوث اعظم کی کارکردگی معلوم ہوتی رہی لیکن آج دیکھ کر کہنا پڑا "شنیدہ کہ بود مانند دیدہ" یہ سب محب گرامی حاجی جناب حافظ ساجد حسین صاحب مجدہٗ اور انکے احباب کی مخلصانہ جدوجہد اور کوششوں کا نتیجہ ہے کہ تھوڑی مدت میں لڑکوں اور لڑکیوں کی اچھی خاصی تعداد مصروف تعلیم ہے اور قوم و ملت کے خدمات انجام دے رہے ہیں دعا ہے کہ رب تبارک وتعالی ادارہ کو نظر بد سے محفوظ رکھے اور عوام اہلسنت و جماعت کو تعاون کا جذبہ عطا فرمائے آمین بجاہ حبیبہ سید المرسلین علیہ الصلاۃ والتسلیم۔

فقط: عبد الحفیظ عفی عنہ، جامعہ اشرفیہ مبارک پور ضلع اعظم گڑھ (یوپی)

۵ محرم الحرام ۱۴۳۱ھ بمطابق 23 دسمبر 2009

صوفی ملت مصنف کتب کثیرہ حضرت علامہ عبدالمبین نعمانی صاحب قبلہ

(بانی المجمع الاسلامی) مبارکپور ودارالعلوم قادریہ، چریاکوٹ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم والہ وصحبہ اجمعین

آج مورخہ ۲۲ جمادی الآخر ۱۴۳۱ھ دارالعلوم اہلسنت غوث اعظم مالدہ شیوار (محلہ گلشن مدینہ) مالیگاؤں کی دومنزلہ عمارت دیکھنے کا موقع ملا تعلیمی کارکردگی اور احباب تعلیم معلوم کر کے خوش ہوں کہ چند سال سے یہ مدرسہ کافی ترقی پر گامزن ہوگیا ہے۔ طلبہ وطالبات کا تعلیمی نظم ونسق اچھا ہے بچیوں کی دورے تک تعلیم ہے طلبہ کی ابتدائی، علاوہ شعبہ حفظ کا نظام اور کام خوش آئند ہے اہل خیر حضرات کو اس دارالعلوم کا تعاون کرنا چاہیے تاکہ یہ مدرسہ مزید ترقی کرے اور تعلیمی کمی کو پورا کر سکے۔ یہ سارا کام جو ہو رہا ہے جناب حافظ ساجد حسین اشرفی صاحب کی کوششوں کا ثمرہ ہے اور ان کی معاونت و ہمدردان کی جدوجہد کا نتیجہ، مولی تعالی مزید آگے بڑھنے کی توفیق مرحمت فرمائے۔ اور معاونین کے تعاون کو قبولیت کا شرف دے آمین بجاہ سید المرسلین علیہ الصلاۃ والتسلیم

فقط: محمد عبدالمبین نعمانی (المجمع الاسلامی، اعظم گڑھ)

نبیرہ محدث اعظم حضرت علامہ سید ابوبکر شبلی اشرف الجیلانی

(سربراہ اعلی محدث اعظم عربی کالج، گجرات)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

لی خمست اطفی بھا حر الوبا الحاطمه

اللہ رب العزت کا شکر ہے محض اس کی توفیق ہے کہ دارالعلوم اہلسنت غوث اعظم مالیگاؤں کے سالانہ جلسے میں آنا ہوا اور اس ادارے کا تمام کارکنان واساتذہ بالخصوص خلیفہ انوار المشائخ عالی جناب حافظ ساجد حسین اشرفی صاحبان سے ملاقات ہوئی۔ شرف حاصل ہوا۔ ادارے کے تمام حضرات نے بہت ہی محبت وعزت بخشی۔ میں مشکور ہوں ادارے کے تمام کارکنان کا اللہ رب العزت تمام حضرات کو حضور علیہ السلام کے نعلین مقدس کے طفیل صحتیاب رکھے۔ اور جو حضرات اس ادارے میں اپنا قیمتی مال سے تعاون کرتے ہیں اللہ انہیں دنیا وآخرت میں سرخرو رکھے۔ آمین بجاہ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم

دعا گو: سید شبلی اشرف اشرفی الجیلانی
(سربراہ اعلی محدث اعظم عربی کالج، بھاؤنگر، گجرات) کچھوچھہ مقدسہ

نبیرہ محدث اعظم ہند فاضل نوجوان شہزادہ محبوب العلماء

حضرت علامہ سید عالمگیر اشرف صاحب قبلہ اشرفی الجیلانی

(بانی دار العلوم شیخ الاسلام، ناگپور، مہاراشٹر)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

آج مورخہ ۱۷ ستمبر بروز سنیچر حافظ ساجد حسین اشرفی کی دعوت پر دارالعلوم غوث اعظم دیکھنے کا اتفاق ہوا۔ اتنے قلیل عرصہ میں جو تعمیری کام کیا ہے وہ قابل ستائش اور مسرت ہے۔ تعمیری سرگرمی دیکھنے کے بعد یہ احساس ہوا کہ تعلیمی معیار بھی اپنے آپ میں ایک جداگانہ حیثیت کا حامل ہے۔ مولی تعالی بطفیل رسول ہاشمی و بکرم مخدوم سمنانی حافظ ساجد اشرفی بانی ادارہ و دیگر عہدے داران و معاونین کی خدمات کو قبول فرمائے (آمین) اور کل بروز حشر اسے شفاعت کا ذریعہ بنائے۔ آمین۔

فقیر: گدائے اشرفی وجیلانی سید عالمگیر اشرف
(۱۷-۹-۲۰۰۵ء)

شہزادۂ سمناں حضرت علامہ

سید محمد نور میاں اشرفی الجیلانی (جودھپور)

باسمہ تعالی و تقدس عزوجل و بکرم حبیبہ الاعلیٰ

الحمدللہ آج ۱۳ ربیع النور شریف ۱۴۴۰ھ مطابق ۲۲ نومبر ۲۰۱۸ء بروز جمعرات بعد نماز مغرب دارالعلوم اہلسنت غوث اعظم کی آفس میں حاضری کا شرف ملا۔ موقع تھا محب گرامی اور برادر طریقت محمد ساجد حسین اشرفی حفظہ اللہ کی دعوت پر جشن عید میلا دالنبی علیہ السلام و عرس انوار المشائخ میں حاضری کا اور مسجد اہلسنت زیتون حجن کے افتتاح کا۔ بحمداللہ فقیر نے محترم المقام علامہ ساجد اشرفی صاحب کی کارکردگی نمایاں دیکھی۔ اور برجستہ سرکار انوار المشائخ اور حضور سرکار کلاں کی روحانیت کی خراج پیش کرنے لگا۔ بلاشبہ یہ انہیں مقدس شخصیات کا فیضان ہے جو اتنی رونق نظر آ رہی ہے دعا گو ہوں رب مصطفیٰ خلیفہ انوار المشائخ کو اور ان کے معاونین کو جزائے خیر دے اور سب کو رات گیارہویں دن بارہویں ترقی عطا کرے اور مشن مخدوم سلطان اشرف جہانگیر رضی اللہ عنہ کا یوں ہی کام لیتا رہے۔ آمین

فقط والسلام: گدائے سلطان اشرف
فقیر سید محمد نور اشرفی، جودھپور راج

محقق اهل سنت مبلغ دين ملت

حضرت مولانا حافظ جمیل احمد رضوی صاحب (برطانیہ)

الحمدلله رب العالمين والصلاة والسلام على رسوله الكريم

الحمدللہ آج ۵ فروری ۲۰۰۸ء بروز منگل دارالعلوم اہلسنت غوث اعظم مالدہ شیوار مالیگاؤں میں حاضری کا موقع ملا مالیگاؤں میں بہت ہی قلیل مدت میں اتنا عظیم مدرسہ میرے خیال اور توقع سے بہت بڑھ کر ہے اس کے بانی و ناظم حضرت مولانا حافظ ساجد حسین صاحب اشرفی جن کو میں بہت پہلے سے جانتا ہوں ان کے دین تقوی خلوص اور مسلک و مذہب تعلیم و تعلم سے ان کا شغف میرے لیے تو کم از کم رشک ہی کے لائق تھا۔

میں نے درس گاہ کی عمارت اور اوقات تدریس معلمین متعلمین کو دیکھا جی بہت خوش ہوا دل سے دعا نکلی اور اب بھی یہی کہتا ہوں کہ رب ذوالجلال اپنے محبوب صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے صدقے میں اس درسگاہ کو بیش از پیش ترقیاں کامیابیاں اور فتوحات عطا فرمائے۔

بڑی بڑی درسگاہوں میں بچیوں کی تعلیم اب تک نہیں ہو رہی مگر مولانا ساجد حسین اشرفی کی ہمت و حوصلہ کو دیکھیے کہ قدم اول اور مرحلہ اولا ہی میں اس منزل کو بھی سر کر لیا قوم کی بچیوں کی تعلیم اور وہ بھی درس نظامی کے معیار کو دیکھ کر میں بڑا متاثر ہوا خدا اسے نظر بد سے بچائے اور قوم کو عقل سلیم دے اور وقت کے مزاج اور ماحول کو سمجھیں کام کرنے والوں کا ساتھ دیں۔

ایں دعا از من از جملہ جہاں آمین باد

والسلام: ابوزہرہ رضوی (حافظ جمیل احمد) ۵۔۲۔۲۰۰۸

حضرت علامہ مولانا مفتی شکیل اختر اشرفی صاحب قبلہ

(شيخ الحديث دار العلوم ديوان شاه، بهيونڈی)

نحمده ونصلی علی رسوله الكريم

اما بعد۔ بتاریخ 11 دسمبر2005ء بروز اتوار بوقت ۸ بجے شب دارالعلوم غوث اعظم حضرت حافظ ساجد حسین اشرفی (ناظم علی دارالعلوم ہذا) کی دعوت پر حاضر ہونے کا اتفاق ہوا۔ الحمدللہ ادارے کی تعلیم مدرسین کے حسن اخلاق مزید براں ادارے کی تعمیری سرگرمیاں کو دیکھ کر دل باغ باغ ہو گیا۔ مولا تعالی اس ادارے کو مزید ترقی عطا فرمائے۔ فقط والسلام:

شکیل اختر اشرفی (خادم دارالعلوم دیوان شاہ، بھیونڈی)

ماحئ اہلسنت، مصلح امت، قاطع کفر و ضلالت

حضرت علامہ حافظ محمد میاں و مولانا نیاز احمد مالیگ برنگھم (یوکے)

نحمدہ و نصلی و نسلم علی رسولہ الکریم

آج ۱۷ اپریل ۷ء کو دارالعلوم غوث اعظم رضی اللہ عنہ مالدہ شیوار مالیگاؤں کی زیارت کا شرف حاصل ہوا۔ مدرسہ کے حضرات اساتذہ کرام اور طلباء کی پڑھائی دیکھ کر طبیعت باغ باغ ہوگئی۔ مولیٰ تبارک وتعالیٰ کی بارگاہ میں دعا ہے کہ وہ اس نئے نئے ابھرتے مومنین فضائل رسالت کے ادارے کو دن دونی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے۔ اور یہاں سے ایسے ہیرے اور جواہرات پیدا فرمائے جی منکرین فضائل رسالت کے مکر وفریب سے بھولے بھالے سنی مسلمانوں کو اپنی زبان وقلم سے آگاہ فرمائیں رہیں۔ مدرسے کی عمارت دیکھ کر بھی طبیعت کو انبساط حاصل ہوا ہے۔لیکن ابھی یہ نامکمل ہے مولیٰ تعالیٰ اس کی تکمیل کی سبیل بھی پیدا فرمائے۔ آمین الصلاۃ والسلام علیک یارسول اللہ۔ وعلی آلک واصحابک یاحبیب اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

فقط: محمد میاں مالیگ و مولانا نیاز احمد مالک (برنگھم)

پاسبان اہلسنت حضرت علامہ قاری عبدالحئ نسیم القادری صاحب قبلہ

(ساؤتھ افریقہ)

نحمدہ و نصلی علی حبیبہ الکریم!

آج ۲۵ اپریل ۷ء بروز بدھ دارالعلوم اہلسنت غوث اعظم رضی اللہ تعالی عنہ مالدہ شیوار مالیگاؤں کی زیارت کا شرف حاصل ہوا دارالعلوم کے اساتذہ کرام اور اراکین دارالعلوم کی کارکردگی اور مستقبل کے پروگرام سن کر بے پناہ مسرت ہوئی نیز تعلیم و تعلم اور حسن کارکردگی اور طلباء کا نظم وضبط تو دیکھ کر دل باغ باغ ہوگیا، عزیز گرامی حافظ وقاری ساجد حسین اشرفی سلمہ کی جدوجہد اور ان کی اپنی شبانہ یوم کاوش اپنی مثال آپ ہے اتنے مختصر اور قلیل عرصے میں اتنا بڑا کام کر لینا بہت بڑے جگر کی بات ہے حفظ وقرأت و ناظرہ و دینیات کی ٹھوس تعلیم اور مسلک اہلسنت کی ترویج واشاعت لائق صد تحسین ہے آج کے اس وہابی زدہ ماحول میں جبکہ ہر طرف سے اپنے اور بیگانے اہلسنت وجماعت پر حملہ آور ہوں ایسے ماحول میں عشق مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کا چراغ جلا کر آندھیوں کی زد سے بچا لینا بہت بڑی بات ہے مولائے کریم دارالعلوم کے اراکین ومعاونین کے حوصلوں میں برکتیں عطا فرمائے آمین دارالعلوم کی عمارت ابھی مکمل نہیں ہوئی ہے اللہ رب العالمین مسلمان مالیگاؤں کو توفیق رفیق بخشے تاکہ ان کے مخلصانہ امداد و تعاون سے دارالعلوم کا باقی ماندہ اور ادھورا کام مکمل ہوجائے اور یہ دارالعلوم اہلسنت کا مستقبل میں عظیم

الشان اور مثالی قلع بنے۔ آمین ثم آمین۔ فقط: عبدالحئی نسیم القادری (ڈربن)

نائب امیر عالمی تحریک سنی دعوت اسلامی بلبل باغ مدینہ

حضرت قاری محمد رضوان خان صاحب (ممبئی)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الصلوۃ والسلام علیك یاسیدی یارسول الله صلی الله علیه وسلم

الحمدللہ آج بروز سنیچر 11 شعبان المعظم ۱۴۲۸ھ مطابق 25 اگست ء2007 کو دارالعلوم اہلسنت غوث اعظم کے سالانہ جلسے میں سرکار ابدقرار صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ بے کس پناہ میں ہدیہ نعت رحمت کی ہلکی ہلکی پھوار میں نہاتے ہوئے پیش کرنے کی سعادت حاصل ہوئی۔

انتہائی قلیل مدت میں اس ادارے کی ترقی میں یقیناً بانی و مہتمم جناب حافظ وقاری ساجد اشرفی صاحب کے اخلاص ولگن کا بھرپور حصہ ہے۔ اللہ تبارک وتعالی ان کی اوران کے تمام احباب کی مساعیٔ جمیلہ کوشرف قبولیت سے نوازے اورادارہ روز افزوں ترقی کی شاہراہ پر آگے بڑھتے ہوئے شمع رسالت کے پروانوں کو مدینے کی راہ پر چلنے کا سلیقہ عطا کرے۔ آمین

سنی دعوت اسلامی کی جانب سے پرخلوص مبارکباد!

دم واپسی تک ترے گیت گاؤں — محمد محمد پکارا کروں میں
تیرا ذکرلب پر خدادل کے اندر — یونہی زندگانی گزارا کروں میں
مجھے اپنی رحمت سے تواپنا کر لے — سواتیرے سب سے کنارہ کروں میں

طالب دعا: خاکپائے علماء وصلحا: محمد رضوان (سنی دعوت اسلامی)

مخیرقوم عالی جناب ڈاکٹر حامد اقبال چشتی صاحب

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

آج بروز اتوار ۲۵ ستمبر ۲۰۱۱ء دارالعلوم غوث اعظم مالدہ شیوار میں حاضر ہونے کا شرف حاصل ہوا۔ یہ دیکھ کر بڑی خوشی ہوئی مدرسہ ایسی جگہ پروان چڑھ رہا ہے جہاں اوراسکی اشد ضرورت ہے۔ گویا کیچڑ میں کنول کے پھول کے مانند۔ اتنے کم عرصے میں اتنی ترقی دینی کاموں میں کم نظر آتی ہے۔ یہ اس خلوص وللّٰہیت کو ظاہر کرتی ہے جو اس ادارے کے ذمّہ دار ہیں۔ خصوصاً قاری و حافظ ساجد اشرفی صاحب۔ ہم دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے وطفیل اس ادارے کو دن دونی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے اور حافظ ساجد کو صحت وتندرستی عطا فرمائے۔

فقط والسلام: ڈاکٹر حامد اقبال

تاثرات بر تعلیمی کیفیات دارالعلوم و جامعات ہذا

مفتی ولی محمد اشرفی صاحب

(صدر مفتی دارالعلوم اہلسنت عظمت مصطفی، مالیگاؤں)

آج مورخہ ۱۵ جولائی ۲۰۱۰ بروز پنج شنبہ دارالعلوم غوث اعظم کے سالانہ امتحان میں بحیثیت ممتحن حاضر ہوا اور (عالمیت) درجۂ اولی کی طالبات کا امتحان لیا۔ معلمات لائقہ وفاقہ کی محنت کا ثمرہ نیک نامی ہے کہ ایک ایک طالبہ کو محنت شاقہ میں منہمک پایا اور ان کے طریقۂ تعلیم سے بہت متاثر ہوا۔ حضرت مخدوم سمنانی کا کرم خاص اور قابل صد احترام محترم حافظ محمد ساجد صاحب اشرفی کی سعی کامل کا نتیجۂ افکار ہے۔ پروردگار اپنے پیارے حبیب اور مخدوم سمنان کے صدقہ و طفیل ادارہ ہذا کو آسیب روزگار و شر حاسدین کی نظر بد سے بچائے رکھے تاکہ روز افزوں ترقیاں ادارہ ہذا صدر و اراکین و منتظمین مدرسین و طالبات ہر ایک کو نصیب ہوں۔ آمین ثم آمین بجاہ سید المرسلین یارب العالمین۔

آپ کا خیر اندیش: العبد المذنب ولی محمد اشرفی

حضرت مفتی واجد علی یار علوی صاحب

(شیخ الحدیث جامعہ حنفیہ سنیہ، مالیگاؤں)

آج بتاریخ ۴ ربیع الثانی ۱۴۳۱ھ بروز اتوار دارالعلوم غوث اعظم کے شعبۂ تعلیم نسواں (جامعہ ام حبیبہ رضی اللہ عنہا) میں درجۂ فضیلت کی کتب (جلالین شریف، بخاری شریف اول، بخاری شریف دوم، مسلم شریف اول، مسلم شریف دوم، ترمذی شریف) السراجی فی المیراث کا امتحان لیا۔ الحمدللہ طالبات نے تشفی بخش جواب دیا مطمئن ہو کر نمبر درج کیا۔ مولا تبارک وتعالیٰ اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے میں ادارۂ ہذا کو شب و روز ترقی عطا فرمائے۔ طالبات کو علم دین کی دولت سے سرفراز فرمائے۔ معلمات کو افہام و تفہیم کا ملکہ کاملہ عطا فرمائے۔ اراکین و معاونین کو صحت و سلامتی عطا فرمائے اور ناظم اعلیٰ حضرت حافظ ساجد حسین اشرفی مدظلہ العالی کی جواں سال قیادت کے ساتھ ادارہ ہذا اور دین متین کی بے بہا خدمات کا جذبہ صادق عطا فرمائے۔ آمین بجاہ سید المرسلین صلاۃ والسلام علیہم اجمعین

مفتی واجد علی یار علوی (جامعہ حنفیہ سنیہ)

حضرت علامہ مفتی حافظ محمد محمود بوستانی اشرفی جامعی مالیگاؤں

(فارغ التحصیل جامع اشرف،کچھوچھہ شریف)

الحمدلله! علی تواتر العلی و تسلسل نعمائه، والصلوٰة والسلام علی سید انبیائه، واحب احبابه، وعلی آله وصحبه اکرم استه واعر اخوانه

آج مورخہ ۳۰ اگست ۲۰۰۶ء بمطابق ۵رجب المرجب ۱۴۲۷ھ بروز جمعرات بوقت صبح ساڑھے آٹھ بجے دارالعلوم اہلسنت غوث اعظم مالدہ شیوار مالیگاؤں میں اراکین دارالعلوم کی دعوت پر بحیثیت ممتحن حفظ اور دینیات کے طلبہ کا سالانہ امتحان لینے کی غرض سے حاضر ہوا۔طلبہ کرام سے بغیر کسی رو رعایت کے مشکل سے مشکل تر سوالات کیے لیکن یہ دیکھ کر مجھے حیرت ہوئی اور خوشی ہوئی کہ طلبہ نے میرے سوالات کے تسلی بخش جوابات دیے۔تجوید وقرأت کے ساتھ دل نشین انداز میں قرآن کریم کو سنایا جو مدرسین کی شبانہ روز محنتوں کی طرف غماز ہے۔

تمام طلبہ کرام سروں پر عمامہ شریف باندھے ہوئے تھے امتحان ہال میں طلبہ کے چہروں پر تمانیت کے آثار عیاں تھے اور ادب احترام کے ساتھ امتحان گاہ (حضور سید محمد مختار اشرف ہال) میں سب بستہ تشریف فرما تھے۔ یہ دل فریب منظر دیکھ کر جو روحانی سرور حاصل ہوا اس کو لفظوں میں بیان کرنا مشکل ہے۔دارالعلوم کے طلبہ کرام کی تعلیمی تربیتی اور اخلاقی کارکردگی یقینا دیگر مدارس سنیہ کے طلبہ کے لیے نمونۂ عمل ہے۔

دارالعلوم کے بانی و مہتمم پیکر اخلاص ومحبت خلیفۂ حضور انوار المشائخ حضرت حافظ وقاری محمد ساجد حسین صاحب اشرفی مدظلہ العالی (خطیب وامام مرکزی مسجد خانقاہ اشرفیہ خوش آمد پورا) ملت اسلامیہ کے وسیع تر مفاد میں چند سالوں کی محنت شاقہ کے ذریعے جو اہم کام شہر عزیز میں کر دکھایا ہے مدارس عربیہ کا تاریخ کا وہ زرین باب ہے جس کو ہرگز ہرگز فراموش نہیں کیا جاسکتا۔حافظ صاحب کی بےلوث اس دینی وعلمی خدمات میں اراکین دارالعلوم کا بھی بہت بڑا کردار رہا ہے۔یقیناً اللہ کے فضل وکرم رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عنایت اور بزرگان دین کے فیضان کے بغیر یہ کارنامہ ممکن نہ تھا۔بانی دارالعلوم مدرسین اور اراکین ومعاونین کی نیتوں میں اخلاص تھا۔ بانی دارالعلوم مدرسین اور بزرگان دین کے فیضان کے بغیر یہ کارنامہ ممکن نہ تھا۔بانی دارالعلوم مدرسین اور اراکین ومعاونین کی نیتوں میں اخلاص تھا اور ہے اللہ تعالی نیتوں کو ہی دیکھتا ہے۔ بخاری شریف کی پہلی حدیث شریف ہے"إنما الأعمال بالنیات" اعمال کے ثواب کا دارومدار نیتوں پر موقوف ہے۔

مختصر یہ کہ ادارے سے منسلک جملہ افراد کے دلوں میں سچی تڑپ لگن اور کام کرنے کا جذبہ صادق

معجزن ہے جو قابل رشک ہے۔غریب و نادار گنجان آبادی میں دارالعلوم اہلسنت غوث اعظم قائم ہے اور شب و روز کامیابی کے ساتھ علم دین کی شمع روشن کر رہا ہے۔گھروں گھر تعلیمات دینیہ کو پہنچا رہا ہے قوم کے غریب بچوں کی پرورش و نگہداشت کے اہم فریضے کو بحسن وخوبی انجام دے رہا ہے۔قوم وملت اور ہمارے شہر کا مفاد اس ادارے کے استحکام سے وابستہ ہے۔

لہذا ضرورت اس بات کی ہے کہ شہر عزیز کے معتبر حضرات اپنا دست تعاون ادارے کی طرف دراز کریں اور دارالعلوم میں زیر تعلیم مقامی و بیرونی طلبہ کرام جو غریب ہیں ان کے اخراجات و ادارے کی دیگر تعلیمی و تعمیری ضرورتوں کو پورا کرنے میں اراکین دارالعلوم کی پوری معاونت کریں ادارے کی تعلیمی شعبہ جات کی کارکردگی کا بچشم خود مشاہدہ کریں اور بھر پور طور پر اس کی مدد کریں۔

آخر میں بارگاہ رب العالمین میں دعا گو ہوں کہ مولا تعالی دارالعلوم غوث اعظم مالدہ شیوار مالیگاؤں کو ترقی کی شاہراہ پر ثبات عطا کرے ادارے سے منسلک جملہ افراد کو دارین کی سعادتوں و برکتوں سے مالا مال فرمائے اور حافظ ساجد حسین اشرفی صاحب اور ان کے جملہ رفقائے کار کی اس خدمت جلیلہ کو اپنی بارگاہ میں شرف قبولیت سے نواز کر ذریعہ بنا دے۔آمین

بندہ عاصی: محمد محمود بوستانی، ۰۶۔۰۸۔۱۴۳۰ھ

حضرت علامہ مفتی معین الدین اشرفی مصباحی (خلیفہ سرکارکلاں)

(خادم تدریس و افتاء دارالعلوم بہار شاہ، فیض آباد)

آج مورخہ ۲۷ رجب المرجب ۱۴۳۱ بروز شنبہ دارالعلوم اہلسنت غوث اعظم مالدہ شیوار مالیگاؤں ناسک میں شعبہ نسواں کی جماعت عالمیت کا امتحان لیا کتابوں میں جلالین، بخاری، مسلم، ترمذی و سراجی وغیرہ شامل تھیں۔امتحان لے کر بہت خوشی ہوئی کہ ماشاءاللہ بچیاں محنتی ہیں پڑھنے میں لگن و شوق رکھتی ہیں۔تمام بچیاں مجموعی اعتبار سے ایک دوسرے سے اچھی ملی عبارتیں ۷۰ فیصد صحیح ہیں۔مزید تھوڑی توجہ ان بچیوں پر دی جائے تو یہ لڑکیاں باصلاحیت عالمہ بن سکتی ہیں مختصراً اندازہ ہوا کہ حضرات عالمات میں ان بچیوں کی تعلیم و تربیت اور حضرت قاری حافظ ساجد صاحب قبلہ نے ان کے انتظام و انصاف میں انتھک کوشش کی ہیں۔مولا تعالی سے دعا ہے کہ ان حضرات کو سعادت دارین سے مالا مال فرمائے اور ادارہ ہذا کو دن دونی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے۔آمین بجاہ سید المرسلین

محمد معین الدین اشرفی

۱۰۔۷۔۲۰۱۰ء

اِن کے علاوہ مندرجہ ذیل حضرات بھی دارالعلوم پر تشریف لاکر دعاؤں سے نواز چکے ہیں۔

☆...... شہزادہ شیخ اعظم قائد ملت حضرت سید محمود اشرف اشرفی الجیلانی

(سجادہ نشین خانقاہ اشرفیہ حسنیہ، کچھوچھہ شریف)

☆...... غازیٔ دوراں حضرت علامہ مولانا سید قاسم اشرف اشرفی الجیلانی (کچھوچھہ شریف)

☆...... شہزادۂ اشرف العلماء حضرت سید نظام اشرف اشرفی الجیلانی (ممبئی)

☆...... شہزادۂ اشرف العلماء حضرت سید خالد اشرف اشرفی (ممبئی)

☆...... شہزادۂ مفکر اسلام حضرت سید سلمان اشرف اشرفی الجیلانی (کچھوچھہ شریف)

☆...... شہزادۂ غازیٔ ملت حضرت سید صمدانی اشرف اشرفی الجیلانی (کچھوچھہ شریف)

☆...... بحر العلوم علامہ مفتی زین الدین نعیمی اشرفی (خلیفہ سرکار کلاں)

☆...... مفتی مزمل حسین رضوی (شیخ الحدیث دار العلوم امجدیہ، بھیونڈی)

☆...... علامہ حافظ محمد ارشد مصباحی (انگلینڈ) ☆...... صوفی مشتاق میاں قبلہ (برہانپور)

☆...... مولانا ایوب عالم اشرفی (بانی و مہتمم جامعہ اشرفیہ صلاح الدین حسامیہ، پونہ)

☆...... مولانا قاری توفیق الاسلام صاحب قبلہ اشرفی (خطیب و امام مرکزی مسجد قمر الدین، کیمپ، پونہ)

☆...... علامہ حافظ و قاری غلام دستگیر صاحب قبلہ قادری (بانی و مہتمم دار العلوم قادریہ جامعہ عائشہ صدیقہ پونہ)

اظہار تشکر

(دارالعلوم اہلسنت غوث اعظم مالیگاؤں کے ناظم وارکان کے نام)

تمام تعریفیں اللہ رب العزت کے لیے جو تمام عالمین کا پالنہار ہے۔اور درود و سلام کی ڈالیاں نچھاور ہوں گنبد خضرا کے مکین پر جن کو قاسم و رحمت بنا کر بھیجا گیا، ان کے صدقے ان کی آل اور اصحاب پر۔

22 مارچ 2020 کو اچانک پورے ہندوستان میں لاک ڈاؤن لگنے سے کاروبار ٹھپ ہو گئے، نقل و عمل کا سلسلہ منقطع ہو گیا، آمدنی کے ذرائع بند ہو گئے، مکمل طور پر معیشت تباہ و برباد ہو گئی۔ مالک اپنے نوکر سے بھاگنے لگا کہ کہیں تنخواہ نہ مانگ لے۔ مقروض اپنے قرض خواہ کے سامنے انے سے گریز کر رہا ہے کہیں قرضہ نہ مانگ لے۔ جہاں ہر شعبہ بدحالی کا شکار ہے وہیں دینی مدارس پر یہ لاک ڈاؤن قہر بن کر ٹوٹا اور ایک نا قابل تلافی نقصان کا سامنا کرنا پڑا۔ تقریباً چار چھ مہینے تعلیمی سلسلہ موقوف رہا۔ جہاں طلباء و طالبات کا تعلیمی نقصان ہوا، وہیں معلمین و معلمات کو بھی شدید مشقتیں اٹھانی پڑیں۔ کیونکہ ان

کی تنخواہیں یا تو بند کردی گئیں یا پھر آدھی کردی گئیں یا اسٹاف میں سے معلمین کی تعداد کو کم کردیا گیا۔

بحمدہ تعالیٰ بطفیل مصطفیٰ کریم رؤف ورحیم صلی اللہ علیہ وسلم و بہ فیضان غوث وخواجہ ومخدوم، دارالعلوم اہلسنت غوث اعظم مالدہ شیوار مالیگاؤں اور دارالعلوم کے زیر اہتمام جاری دو جامعات جامعہ ام حبیبہ للبنات اور جامعہ خدیجہ حجن للبنات کے ناظم وارکان نے اپنے 25 معلمین ومعلمات کے اسٹاف میں سے کسی کی بھی تنخواہ نہیں کاٹی اور اب تک وہ پابندی کے ساتھ ہر مہینے اپنے سبھی اسٹاف کو پوری پوری تنخواہیں دے رہے ہیں۔ برآنکہ ہر سال جس طرح تنخواہوں میں اضافہ کیا جاتا ہے، اسی طرح لاک ڈاؤن کے بعد بھی ماہ شوال المکرم ہی سے تنخواہوں میں اضافہ کیا گیا۔ تنخواہیں دینا، ان میں اضافہ کرنا، اوران ایام کی بھی تنخواہیں دینا اور اضافہ کرنا جبکہ ادارہ لاک ڈاؤن کی وجہ سے بند تھا۔ یقیناً یہ ایک قابل تعریف اور لائق تقلید واعتراف کارنامہ ہے۔ تمام مدرسین واسٹاف کی جانب سے دارالعلوم وجامعات کے سبھی ارکان اور ٹرسٹیان بالخصوص ناظم اعلیٰ خلیفۂ انوار المشائخ الحاج حافظ ساجد حسین اشرفی صاحب (بانئ ادارہ) کی بارگاہ میں اظہار تشکر پیش کرتے ہیں اور آپ کی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ بانئ ادارہ کو صحت وسلامتی کے ساتھ عمر خضر عطا فرمائے۔ ادارہ کو نظر بد سے محفوظ ومامون فرمائے۔ آمین

مدرسین کے تئیں ان کی خیر خواہی کا اندازہ اس سے بھی لگایا جاسکتا ہے کہ لاک ڈاؤن میں عوامی کرفیو کے دوران کچھ وقفہ چھوٹ ملنے پر بارہا اسٹاف کو دارالعلوم میں طلب فرما کر ان کے معاشی حالات کا جائزہ لیتے رہے اور ضرورت مند مدرسین کی دادرسی فرماتے رہے۔ اس لیے بھی ادارے کے جملہ ارکان ٹرسٹیان، بانی ومہتمم اس بات کے مستحق ہیں کہ ان کی تعریف وسراہنہ کی جائے۔ مولا کریم ان کی خدمات کو قبول فرما کر ان کو اجر عظیم سے نوازے۔

ندیم انجم چشتی
خادم دارالعلوم اہلسنت غوث اعظم
گلشن مدینہ، مالدہ شیوار، مالیگاؤں، ناسک
تاریخ:6 فروری 2021ء ۲۳ جمادی الاخر ۱۴۴۲ھ، بروز سنیچر

افادات سراج الامہ کشف الغمہ امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ

سید التابعین، سراج الامہ، کشف الغمۃ امام ہمام سیدنا نعمان بن ثابت المعروف امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ جن کے بارے میں نبی آخرالزماں نے پیشین گوئی فرمائی تھی کہ ''اگر ایمان ثریا کے پاس ہوتو فارس کے کچھ لوگ اس کو ضرور حاصل کرلیں گے۔'' (بُخاری و مسلم) اور فرمایا ''میری امت میں ایک مرد صالح پیدا ہوگا جس کا نام ابوحنیفہ ہوگا وہ قیامت میں میری امت کا چراغ ہے''۔ (مناقب للموفق)۔
کعب احبار فرماتے ہیں کہ ''توریت میں میں نے پڑھا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی امت میں ایک نور پیدا ہوگا جسکی کنیت ابوحنیفہ ہوگی۔'' (شیخ عبدالحق محدث دہلوی.. تعارف فقہ وتصوف ص ۲۵۵) اور فرماتے ہیں کہ ''امام اعظم ابوحنیفہ کا کثرت سے ذکر کیا کرو کیونکہ وہ مشک کے مانند ہیں کہ جتنا بکھیریں خوشبو بڑھتی ہے۔'' (شاہ ولی اللہ محدث دہلوی، جواہر البحار)۔

ولادت باسعادت امام اعظم رضی اللہ عنہ ۷۷ھ وفات ۱۵۰ھ۔

اساتذہ کے لیے امام اعظم رضی اللہ عنہ کے نصائح

(۱) اللہ تعالی نے جو علم تمہیں دیا ہے اس علم سے لوگوں کے مسائل ایمانداری کے ساتھ حل کرو اور ان کے حاکم نہ بنو۔
(۲) اگر تم قاضی بن جاؤ تو ہر خاص و عام کے لیے اپنا دروازہ کھلا رکھو۔
(۳) اپنے ہر طالب علم پر ایسی توجہ رکھو کہ گویا تم نے ان کو اپنا بیٹا اور اولاد بنالیا ہے تاکہ تم ان میں علم کی رغبت کو پیدا کرسکو۔
(۴) جتنی عبادت دوسرے لوگ کرتے ہیں اس سے زیادہ عبادت کو اختیار کرو۔
(۵) لوگوں کے سامنے اللہ کا ذکر کثرت سے کرو کہ لوگ تم سے اس خوبی کو حاصل کریں۔
(۶) نماز اور اس کے بعد تلاوت قرآن و وظائف اور ہر مہینے کے ایام بیض کے روزے کی پابندی کرو تاکہ دوسرے لوگ اس میں بھی تمہاری پیروی اختیار کریں۔
(۷) اگر کوئی مسلمان تم سے ملے تو تم بھی خوش اسلوبی کے ساتھ اس سے ملو اور جو ملنا ترک کردے ان سے بھی ملو۔ کوئی بیمار ہوجائے تو اس کی عیادت کرو۔
(۸) راستہ چلتے ہوئے دائیں بائیں نہ دیکھو بلکہ زمین کی طرف دیکھو۔
(۹) بخل (کنجوسی) سے اجتناب کرو۔

(۱۰) بازاروں اور راستوں میں نہ بیٹھو نہ ہی کوئی چیز کھاؤ اور پیو۔
(۱۱) بے ریش لڑکوں سے زیادہ باتیں نہ کیا کرو کہ وہ فتنہ ہیں۔

طالبانِ علم کے لیے امام اعظم رضی اللہ عنہ کے نصائح

(۱) ہر وقت ہر جگہ اللہ سے ڈرتے رہو اور تقوی وطہارت کے ساتھ قرآن مجید کی تلاوت کرتے رہو۔
(۲) موت کو کثرت سے یاد کرو قبرستان و مشائخین کی قبروں کی زیارت کیا کرو۔
(۳) اپنے اساتذہ کے لیے استغفار کیا کرو۔
(۴) اذان سے قبل مسجد میں داخل ہونے کی تیاری کرو اور نماز کی پابندی کرو۔
(۵) بزرگوں اور علماء کی تعظیم کرو۔نوجوانوں سے نرمی کا برتاؤ کرو۔عوام کے قریب رہو۔
(۶) غرور تکبر اور دنیاوی مال ومتاع کی حرص سے بچو۔
(۷) عوام کے مسائل کا آسان لفظوں میں حل بتایا کرو اور ان سے مشکل و گہرے مسائل بیان نہ کرو۔
(۸) سفید اچھے لباس کو ترجیح دو، خوشبو کا استعمال کرو اور کسی پر کوئی مصیبت آپڑے تو اس کے غم میں شریک ہو جاؤ۔
(۹) پاگلوں اور ان اہل علم سے جو حجت مناظرہ کے اسلوب سے بے بہرا ہیں کلام نہ کرو۔
(۱۰) علم حاصل کرنے کے زمانے میں مال کمانے کی جدوجہد نہ کرو ورنہ حصول علم سے قاصر رہو گے۔
(۱۱) کھیل کود اور گالیاں بکنے سے سخت اجتناب کرو۔

ترانۂ دارالعلوم غوث اعظم

آج ہر ایک کے لب پہ ہے یہ صدا
اپنا دارالعلوم غوثِ اعظم ہے یہ

جھوم کر آج طلبہ نے ہے یہ کہا
اپنا دارالعلوم غوثِ اعظم ہے یہ

مدرسے کا یہ پچیسواں سال ہے
اس لیے آج ہر کوئی خوشحال ہے

نظــر بد سے اِلٰہی اسے تو بچا
اپنا دارالعلوم غوثِ اعظم ہے یہ

یہ تو مختار اشرف کا فیضان ہے
اس پہ انوار اشرف کا احسان ہے

اس کی شہرت کے پیچھے انہی کی دعا
اپنا دارالعلوم غوثِ اعظم ہے یہ

سرپرست اس کے سید محمد حسن
زیرِ نگرانی ہے ان کے ہی یہ چمن

اس چمن کو انہوں نے بھی مہکا دیا
اپنا دارالعلوم غوثِ اعظم ہے یہ

یاد آتے ہیں ساجد حسین اشرفی
آج محسوس ہوتی ہے ان کی کمی

ان کو تھی اس کی ہی فکر صبح و مساء
اپنا دارالعلوم غوثِ اعظم ہے یہ

ناظمِ اعلیٰ قاری عبید اشرفی
مدرسے کی انہیں ذِمّہ داری ملی

فرض اپنا نبھائیں یونہی یا خدا
اپنا دارالعلوم غوثِ اعظم ہے یہ

یہ ہی اُمِّ حبیبہ کی پہچان ہے
اور حجن خدیجہ کی یہ شان ہے

اس کے ہی دم سے دونوں ہوئے پُرضیا
اپنا دارالعلوم غوثِ اعظم ہے یہ

داعیٔ دین کتنے بنایا ہے یہ
اور کتنوں کے دل جگمگایا ہے یہ

یہ سلامت رہے حشر تک یا خدا
اپنا دارالعلوم غوثِ اعظم ہے یہ

ایک اک طالب علم اور طالبات
اور یہاں کے مدرس و معلمات

سب کو دے دے اِلٰہی تو بہتر جزا
اپنا دارالعلوم غوثِ اعظم ہے یہ

ان کو دارین کی رب سعادت ملے
کوشاں رہتے ہمیشہ جو اس کیلئے

دو جہاں میں انہیں رنج و غم سے بچا
اپنا دارالعلوم غوثِ اعظم ہے یہ

دِل سے فارُوق نوری کی ہے یہ دُعا
اہل محفل کی بھی ہے یہی التجاء
میرے اللہ پھولے پھلے یہ سدا　　　اپنا دارالعلوم غوثِ اعظم ہے یہ

سلام

(شیخ اعظم مفتی سید محمد اظہار اشرف اشرفی الجیلانی رحمۃ اللہ علیہ)

تاجدار نبوت پہ لاکھوں سلام　　　روح بزم رسالت پہ لاکھوں سلام
جن کے قدموں کا صدقہ ہے ہر روشنی　　　ایسے نوری جلالت پہ لاکھوں سلام
اولیاء انبیاء جن کے خطبے پڑھیں　　　مظہر ذات قدرت پہ لاکھوں سلام
جن کی دہلیز پہ بھیک سب کو ملے　　　اس ادائے سخاوت پہ لاکھوں سلام
عدم صدیق و فاروق و عثمان علی　　　رہنمائے ہدایت پہ لاکھوں سلام
سیدہ فاطمہ بنت شمس الضحیٰ　　　ان کی پاکیزہ عصمت پہ لاکھوں سلام
غوث اعظم جو ہیں دستگیر زماں　　　ان کی شان سیادت پہ لاکھوں سلام
ہیں معین جہاں خواجہ ہندالولی　　　گنج بخش کرامت پہ لاکھوں سلام
اشرف الاولیاء زینت الاصفیاء　　　تارک بادشاہت پہ لاکھوں سلام
غوث کی شکل پائی اور خواجہ کا رنگ　　　اشرفی اعلیٰ حضرت پہ لاکھوں سلام
باغ سمنان کے مختار ہو بالیقیں　　　تیرے اعجاز شوکت پہ لاکھوں سلام

تیری سرکار میں بس یہ اظہار ہے
تاجدار نبوت پہ لاکھوں سلام

شجرۂ قادریہ اشرفیہ (مختصراً)

بخش دے یارب شفیع دوسرا کے واسطے
سرور و سید محمد مصطفیٰ کے واسطے

دین و دنیا کی ہماری سب مشکلیں آسان کر
حضرت مولا علی مشکل کشا کے واسطے

کر عطا حسن عمل کے ساتھ حسن خاتمہ
شہ حسن بصری امیرالاولیأ کے واسطے

میرا سینہ ہو الٰہی اور ہو تیرا حبیب
شہ حبیب عجمی کی شان دِل رُبا کے واسطے

یا الٰہی امر با المعروف کی توفیق دے
حضرت معروف کرخی بے رِیا کے واسطے

الغیاث الغیاث یا غیاث العالمین
غوث اعظم بندہ قدرت نما کے واسطے

دونوں عالم کی شرافت بخش دے مولا ہمیں
اشرف سمنان میرے غوثُ الوری کے واسطے

جس طرف دیکھیں نظر آئے ہمیں اشرف کا نور
حضرت اشرف حسین اشرف نما کے واسطے

یاالٰہی حمد سے تیری کبھی غافل نہ ہوں
شاہ بو احمد ہمارے پیشوا کے واسطے

ہم پہ ہو احمد کا سایہ ہم پہ اشرف کا کرم
سیدی مختار اشرف باصفا کے واسطے

مخلصانہ اپیل

اہلسنّت و جماعت کا ترجمان دارالعلوم غوثِ اعظم، مالدہ جو نونہالانِ قوم کیلئے بہترین تربیت گاہ اور دینی علوم کی تکمیل کیلئے ایک مثالی درس گاہ ہے۔ فی الحال 1000 سے زائد طلباء و طالبات اس وقت زیورِ علم دین سے آراستہ ہو رہے ہیں۔ 35 ماہر تعلیم، مستند اور تجربہ کار معلمین و معلمات، طلباء و طالبات کی تعلیم و تربیت میں شب و روز منہمک ہیں اور مقامی و بیرونی غریب طلباء کے قیام و طعام و دیگر ضرورتوں کی کفالت بھی کی جاتی ہے۔

لہٰذا ماہِ رمضان کے مبارک موقع پر اپنے عطیات، زکوٰۃ اور صدقات سے دارالعلوم کا بھرپور تعاون فرمائیں۔ اللہ جزائے خیر دے۔ (آمین)

رابطہ کے لئے: (ناظم اعلیٰ) قاری عبیدالرحمٰن اشرفی 7709564903

دارالعلوم اہلسنّت غوثِ اعظم کے زیر اہتمام ۵ ویں مسجد بنام

مسجد و مدرسہ اہلسنّت اشرفُ الحفّاظ **حافظ ساجد حسین اشرفی** علیہ الرحمہ

گٹ نمبر 116/1، پلاٹ نمبر 113، گرنا مین روڈ، ہیرا پورہ، مالیگاؤں

کی زمین کی خریدی کیلئے زمین مالک کو **₹ 45,000,00** ادا کرنا ہے۔

ایک مُصلّے کی قیمت 28,000 روپئے

ایک اسکوائر فٹ کی قیمت 3,500 روپئے

زیر نگرانی: فرزند اشرفُ الحُفاظ

قاری عبیدالرحمٰن اشرفی صاحب (ناظم اعلیٰ) دارالعلوم اہلسنّت غوثِ اعظم

7038495916 - 7709564903

مخلصانہ اپیل: مسجد کی زمین خریدی میں حصہ لے کر اپنے اور اپنے مرحومین کیلئے توشۂ آخرت بنائیں۔

دارالعلوم سے منسلک تنظیمیں

☆ ادارۂ غریب نواز ☆ انجمن سرکارِ کلاں ☆ صابریہ گروپ ☆ ادارۂ حضور انوار المشائخ ☆ ادارۂ محبوبِ سبحانی
☆ ادارۂ حاجی عرفان ☆ ادارۂ محبوب یزدانی ☆ ادارۂ سلطانُ الہند ☆ ادارۂ محبانِ اشرف ☆ بزم عزیز کلب
☆ اقصیٰ اسپورٹس ☆ بزم آزاد اشرفی ☆ ادارۂ گلشن مدینہ ☆ ادارۂ حنظلہ ☆ ادارۂ فیضانِ مدینہ (کالونی)
☆ ادارۂ سیّد نور العین ☆ ادارۂ عاشقانِ مصطفیٰ ☆ ادارۂ سیّد انوار اشرف ☆ انجمن فیضانِ حسان
☆ ادارۂ محبانِ اشرفُ الحفاظ ☆ مساجد انتظامیہ کمیٹی و نوجوانانِ اہلسنّت دارالعلوم ہٰذا